یه کتاب

اپنے بچوں کے لیے scan کی بیرونِ ملک مقیم هیں

مو منین بهی اس سے استفاده حاصل کرسکتے هیں.

منجانب.



سبیلِ سکینه

یونٹ نمبر ۸ لطیف آباد حیدرآباد پاکستان

Presented by www.ziaraat.com

۷۸۶
۹۲-۱۱۰
یا صاحب الزماں ادرکنی

DvD Version

Knowledge for All
SABIL-E-SAKINA

# لبیک یا حُسینؑ

خصوصی تعاون: نذر عباس
رضوان رضوی

## اسلامی کُتب (اردو) DVD

ڈیجیٹل اسلامی لائبریری ۔

www.ziaraat.com

NOT FOR COMMERCIAL

SABIL-E-SAKINA
Unit#8,
Latifabad Hyderabad
Sindh, Pakistan.
www.sabeelesakina.page.tl
sabeelesakina@gmail.com

Presented by www.ziaraat.com

# اجرِ رسالت

جب کبھی غیرتِ انساں کا سوال آتا ہے
بنتِ زہراؑ تیرے پردے کا خیال آتا ہے

کلام: اختر چنیوٹی
ترتیب: معصومہ بتول

ادارہ منہاج الصالحین لاہور

Presented by www.ziaraat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# اجرِ رسالت

ہے شام میں چراغاں اور وقتِ شام بھی ہے
ہے قیدیوں میں زینبؑ لوگو دیئے بجھا لو

کلام: اختر چینوٹی

ترتیب: معصومہ بتول

ناشر

ادارہ منہاج الصالحین جناح ٹاؤن

ٹھوکر نیاز بیگ لاہور۔ فون: 5425372

Presented by www.ziaraat.com

جملہ حقوق بحق ادارہ محفوظ

کتاب: اجرِ رسالت

کلام: اختر چنیوٹی مرحوم

ترتیب: معصومہ بتول

پروف ریڈنگ: غلام حبیب، غلام حیدر چودھری

ہدیہ: ۱۰۰ روپے

اشاعت: جنوری ۲۰۰۷

ملنے کا پتہ

ادارہ منہاج الصالحین لاہور

الحمد مارکیٹ۔ فرسٹ فلور۔ دکان نمبر ۲۰

اردو بازار ○ لاہور - 042-7225252

Presented by www.ziaraat.com

# فہرست

| | | |
|---|---|---|
| 1 | عرضِ ناشر | 8 |
| 2 | ناقص مرا شعور ہے عاجز مرا خیال | 21 |
| 3 | نادِ علیؑ پڑھتے ہم اے گردنِ تسلیم خم | 22 |
| 4 | علیؑ وہ نام ہے مومن کا جس سے جی بہلے | 24 |
| 5 | رسن گلے میں ہوں ملبوس تار تار رہے | 25 |
| 6 | اے مظہر العجائب! تو شانِ کبریا ہے | 26 |
| 7 | جز ولا سنگِ حرم پر سر جھکانا ہے منع | 28 |
| 8 | قانون اٹل ہیں قدرت کے انسان بدلتے رہتے ہیں | 29 |
| 9 | ہر اک شے مسافر ہر اک چیز فانی | 31 |
| 10 | خلافت کے منکر سے اِک روز ہنس کر | 32 |
| 11 | چمک رہا ہے فرازِ عرش بریں پہ اسلام کا ستارا | 33 |
| 12 | صبح ازل کا نیرّ تاباں حسینؑ ہے | 35 |
| 13 | اے بارگاہِ حضرت شبیرؑ السلام | 37 |
| 14 | سلام اے شاہِ انبیاء سلام ختمِ مرسلین | 39 |

Presented by www.ziaraat.com

| | | |
|---|---|---|
| 15 | سرکارِ حسینؑ کا علمدار کہاں ہے اے شامِ غریباں؟ | 40 |
| 16 | روتی ہوئی خاک اُڑائی ہوئی آئی شامِ غریباں | 41 |
| 17 | کب فقیروں کی نظر میں طور ہے | 42 |
| 18 | فریاد سن فقیر کی اے ربّ ذُوالجلال | 44 |
| 19 | زندان کی تنہائی میں جی بھر کے سکینہؑ رولے | 46 |
| 20 | مجرئی قاصد بیمارؑ مدینہ آیا | 48 |
| 21 | کوفہ کے رہنے والو میلہ نہ تم بنالو | 50 |
| 22 | ھنداں نے بیمارؑ کوں جس دم جگالیں آن کر | 51 |
| 23 | لوٹا ہوا تھا قافلہ شام کی رہ گذر تھی | 52 |
| 24 | بے ردا بنتِ علیؑ ہے شام کے بازار میں | 53 |
| 25 | تفسیریں فریادی ہے قرآن دہائی دیتا ہے | 54 |
| 26 | بے پردہ حرم ہیں ساتھ تیرے پردیسی دیس پرایا ہے | 55 |
| 27 | کہتا جو کوئی عابدؑ سے کہیں آرام بھی تم کو حاصل ہے | 56 |
| 28 | سورج سے ذرا کہہ دو پردے میں چلا جائے | 57 |
| 29 | سجادؑ سا کوئی بے خانماں نہ ہو | 58 |
| 30 | بے پردہ سرِ عام جو یہ پردہ نشیں ہے | 59 |
| 31 | اُڑاتی خاکِ ماتم کی مدینہ سے صبا آئی | 61 |
| 32 | نوکِ سناں پہ کون یہ قاری سوار ہے | 63 |

Presented by www.ziaraat.com

| | | |
|---|---|---|
| 33 | معصوم سکینہؑ نے دن چین کے کم دیکھے | 64 |
| 34 | ہم سفر جتنے تھے سارے جانبِ کوثر چلے | 65 |
| 35 | بَن میں پُکاری فاطمہؑ مجھ کو ستا کے کیا ملا | 67 |
| 36 | زمینِ کربلا یثرب کے مہمانوں پہ کیا گزری | 68 |
| 37 | امتِ صاحبِ معراج کو قرآن ملا | 69 |
| 38 | ہم اس شہیدِ جفا کا پیام کہتے ہیں | 71 |
| 39 | رُخ سے منافقین کے اٹھی رہے نقاب | 73 |
| 40 | فرزندِ پیمبرؐ پر یہ جور و جفا کیوں ہے؟ | 74 |
| 41 | سکینہؑ نے پوچھا یہ باچشم تر تو آتا ہے خالی اے راہوار کیوں؟ | 75 |
| 42 | شہیدانِ وفا کی یاد میں آنسو بہائے ہیں | 76 |
| 43 | ملت شہیدِ ظلم غریبُ الدیار میں | 78 |
| 44 | مقتل کی طرف لاشہ شبیرؑ کو دیکھا | 80 |
| 45 | اے مجرئی دشت بلا میں تنہا فرزندِ علیؑ ہے | 82 |
| 46 | امت نے وفا کیا کی فرزندِ پیغمبرؐ سے | 84 |
| 47 | کربل کے بیاباں پہ چھائی ہے اُداسی | 85 |
| 48 | اے مجرئی مرنے کو رَن میں ننھا سا مجاہد جاتا ہے | 87 |
| 49 | لے کے پھر پیغامِ غم ماہِ محرم آ گیا | 88 |
| 50 | ہمارا کام ہے شبیرؑ کا ماتم کیا کرنا | 89 |
| 51 | شبیرؑ بے نوا کا پُر درد ہے فسانہ | 90 |


Presented by www.ziaraat.com

| | | |
|---|---|---|
| 52 | پردہ دارِ انبیا روتی رہی | 91 |
| 53 | عباسؑ نامور کے لہو سے دُھلا ہوا | 92 |
| 54 | ٹھہرو علی اکبرؑ تمہیں دولہا تو بنالوں | 94 |
| 55 | سَر دے کے جس نے غیرتِ اسلام کی بچالی | 96 |
| 56 | یہ عبارت کربلا کی خاک پر تحریر ہے | 98 |
| 57 | شبیرؑ نہ ہوتے تو اسلام کہاں ہوتا؟ | 100 |
| 58 | خیموں کے آس پاس ہیں لاشے پڑے ہوئے | 101 |
| 59 | ماتم شہیدِ راہِ خدا کا ثواب ہے | 102 |
| 60 | جب کبھی غیرت انسان کا سوال آتا ہے | 104 |
| 61 | صغراؑ نے آنسوؤں کے کتنے دیئے جلائے؟ | 106 |
| 62 | ویران ہے مدینہ آباد کربلا ہے | 108 |
| 63 | کعبہ اُداس خاک بسرِ جبرئیل ہے | 110 |
| 64 | ہائے قاسمؑ تیرے سہرے پہ پھولوں کی جوانی روئی ہے | 112 |
| 65 | دستار ہے حسینؑ کے سر پر رسولؐ کی | 113 |
| 66 | بدلی میں گھرا ہے اسلام کا تارا | 115 |
| 67 | بادل ستم کے چاند پہ زہراؑ کے چھا گئے | 117 |
| 68 | گلشنِ زہراؑ میں ہے فصلِ خزاں آئی ہوئی | 118 |
| 69 | یثرب کا مہمان کھڑا ہے | 119 |
| 70 | شبیرؑ تری آیا ہے غربت کا زمانہ | 121 |


Presented by www.ziaraat.com

| | | |
|---|---|---|
| 71 | یثرب سے ہیں آئے کربل کو بسانے | 122 |
| 72 | صغریٰ کو محرم کا جب چاند نظر آیا | 123 |
| 73 | زینبؑ چلی وطن سے شہؑ بے وطن کے ساتھ | 124 |
| 74 | چلے اس طرح بچھڑ کے شہؑ کربلا وطن سے | 125 |
| 75 | گلشن آلِ پیغمبرؐ میں خزاں آنے کو ہے | 127 |
| 76 | جب کر چکا جہاں سے سفر آخری رسولؐ | 128 |
| 77 | دو جہاں میں آج ہے ماتم بپا شبیرؑ کا | 130 |
| 78 | اُٹھی تھی سقیفہ سے گھٹا حرص و ہوا کی | 132 |
| 79 | ماتم کی صداؤں سے زمانے کو ہلا دو | 133 |
| 80 | دشتِ غربت کو آ بسایا ہے | 134 |
| 81 | یہ شبیہ مصطفیٰؐ کی ہے اذان صبح گاہی | 135 |

Presented by www.ziaraat.com

# عرضِ ناشر

اختر چنیوٹی چنیوٹ کا رہنے والا تھا، مگر آج ہمارے دلوں میں رہتا ہے۔ عرصہ ہوا وہ فرش کے بجائے عرشی مجالس عزاء میں شریک کے لیے ہم سے دور جا چکا ہے، لیکن اس کا کلام ہر محرم اور ہر ماتمی جلوس میں ماحول کو عزادار اور فضا کو سوگوار بناتا رہتا ہے۔ دراصل اخترؔ نے اپنا تعلق اُن ہستیوں سے جوڑ لیا ہے جو ازل سے ابد تک پاکیزہ دلوں کے حاکم اور منزہ ذہنوں کے باسی ہیں۔ جو آسمانی راستوں کو زمینی راستوں سے بھی بہتر جانتے ہیں۔ جو خوش ہوتے ہیں تو تخلیق کائنات کا مقصد پورا ہو جاتا ہے اور غمگین ہوتے ہیں تو کائنات عالم غمگین ہو جاتی ہے۔ جو خدائے تعالیٰ کے نمائندے، اُس کے رازوں کے امین اور اُس کی جانب سے مختارِ عام ہیں۔ جن کی رضا خدا کی رضا اور جن کا عشق عشقِ خدا ہے۔ تبھی تو اخترؔ نے کہا تھا:

تیرے در پہ جب بھی اخترؔ نے کیا سوال مولا
تیرا سوزِ عشق مانگا کبھی زندگی نہ چاہی

اختر دُنیا کی عارضی زندگی کے بجائے ان مقدس ہستیوں کے عشق میں حیاتِ دوام پا گیا...... وہ حقیقتِ اسلام سے آگاہ ہو گیا تھا، اس لیے وہ ہمیشہ کے لیے حیطۂ سلامتی میں آ گیا۔ فقہی اسلام حیطۂ سلامتی ہے، جو دُنیا و آخرت میں خدا کا برگزیدہ ہے جبکہ حسین علیہ السلام کی ہستی خود دین بلکہ دین پناہ ہے (معین الدین اجمیریؒ)۔ حضرت اقبال نے بھی کہا تھا۔

Presented by www.ziaraat.com

اسلام کے دامن میں بس دو ہی تو چیزیں ہیں
اک ضربِ ید اللّٰہی ایک سجدہ شبیری

اور اختر اسی حقیقت کو پانے کے بعد پکار اُٹھا تھا:

شبیرؑ نہ ہوتے تو اسلام کہاں ہوتا
نوحہ دُنیا میں پیغمبرؐ کا پیغام کہاں ہوتا

اختر شبیرؑ کا وحہ خوان بن کر مہمان بن گیا۔ وہ سورج چاند ستاروں سے کلام کرنے لگا اور انھیں اپنا پیغام بھیجنے لگا کیوں کہ وہ اختر حسین تھا۔

سورج سے ذرا کہہ دو پردے میں چلا جائے
زینبؑ کی اسیری کا افسانہ کہا جائے

حسینیتؑ اختر کی نَس نَس میں بس چکی تھی۔ وہ ہر دور کے یزید سے ٹکرانے کے لیے انقلاب برپا کرنے کا خواہاں تھا۔ اقبال نے کہا تھا:

ستیزہ کارر رہا ہے ازل سے تا امروز
چراغِ مصطفوی سے شرارِ بولہبی

تو اختر نے اس حقیقت کو شانِ حسینؑ سے معنون کرکے یوں امر کیا:

صبح ازل کا نیّرِ تاباں حسینؑ ہے
فطرت شناس عالمِ امکاں حسینؑ ہے

دنیا پہ کرد گار کا احساس حسینؑ ہے
ہر دورِ انقلاب کا عنوان حسینؑ ہے

Presented by www.ziaraat.com

اختر کا موضوعِ سخن بہت بڑا ہے، اس لیے اختر ایک بڑا شاعر ہے۔ میں نے اختر کے کلام کو یکجا کر کے چھاپنے کے لیے کافی سالوں سے کام شروع کر رکھا تھا۔ صد شکر کہ اب اس خواب کی تعبیر پا رہا ہوں۔ نکھارنے کے لیے اپنا اپنا حصہ ڈالیں۔ اس سلسلے میں، میں قانون و ادب کے اُستاد اور تاریخ کربلا کے محقق برادرم پروفیسر مظہر عباس چودھری صاحب کا ممنون ہوں کہ اُنھوں نے اس کام کی اصلاح میں بنیادی حصہ ڈالا۔ اُن کی رائے تھی کہ پورے کلام کو دیکھنے کے لیے دو تین ماہ درکار ہیں، کیونکہ فنی نقائص اور مہملات کا ازالہ ضروری ہے، لیکن چونکہ ہم اسی عشرہ محرم 1428ھ میں اسے منظرِ عام پر لانا چاہتے ہیں لہٰذا ان کی سرسری نظر پر اکتفا کیا ہے اور مزید اصلاح و تنقید کو آیندہ ایڈیشن تک مؤخر کر رہے ہیں۔ البتہ اختر کے کلام کے محاسن آج بھی قبائح پر غالب ہیں۔ اُس کی نوحہ نگاری اور نوحہ خوانی کی مثال نہیں ملتی۔ ملتِ تشیع اور عزادارانِ حسینؑ اس کی نوحہ نگاری پر مفتخر ہیں:

دو جہاں میں آج ہے ماتم بپا شبیرؑ کا
فطرت شناس عالم امکاں حسینؑ ہے

شبیرؑ بے نوا کا پُر دو ہے فسانہ
ماتم میں آج اُس کے مصروف ہے زمانہ

مقتل کی طرف لاشۂ شبیرؑ کو دیکھا
لُٹتے ہوئے جب چادر سطہیر کو دیکھا

Presented by www.ziaraat.com

امتِ صاحبِ معراج کو قرآن ملا
آلِ احمدؑ کو مگر شام کا زندان ملا

بن میں پکاری فاطمہ مجھ کو ستا کے کیا ملا
خون مرے حسینؑ کا ہائے بہا کر کیا ملا

معصوم سکینہؑ نے دِن چین کے کم دیکھے
بابا سے جدا ہو کر قیدوں میں الم دیکھے

اللہ رب العزت اخترؔ کو کروٹ کروٹ نعماتِ خلد سے مالا مال فرمائے۔

والسلام

طالبِ دعا

ریاض حسین جعفری فاضل قم

سربراہ ادارہ منہاج الصالحین لاہور

Presented by www.ziaraat.com

# اختر ہے نگاہوں میں پیغمبر کا جنازہ

سب ثنا خوانانِ آلِ احمدؐ ہمارے لیے قابلِ احترام اور لائقِ اکرام ہیں......
انھیں میں سے ایک اختر چنیوٹی بھی ہیں جو اپنے دورِ حیات میں ایک مشہور و معروف منقبت نگار، سلام نگار اور نوحہ نگار تھے۔ وہ اگرچہ زیادہ پڑھے لکھے نہ تھے، مگر سوزِ عشقِ اہلؑ بیتؑ نے اُن کے کلام میں بہت سے محاسن بھر دیئے تھے۔ اختر کے اکثر سلامیہ شعر اور نوحے آج بھی زبان زدِ عوام ہیں مثلاً

حجرِ اسود سے ہے تیرے خون کا رتبہ بلند
کربلا تو خانہ ٔ حق کی نئی تعمیر ہے

اسلام کے وقار کی اونچی چٹان پر
عباسؑ کی وفا کے ہیں جھنڈے گڑھے ہوئے

اختر ہے نگاہوں میں پیغمبرؐ کا جنازہ
کربلا میں اسی خواب کی تعبیر کو دیکھا

حُر کو گلے لگا لیا کس اعتماد سے
تاریخ ہے مصائب آلِ رسولؐ کی

Presented by www.ziaraat.com

بچپن میں جب میں عزائے حسینؑ کے بعد ماتم حسینؑ کے جلوسوں میں شامل ہوتا تو اختر کا کوئی نہ کوئی نوحہ ضرور سنائی دیتا۔ اُس کا یہ نوحہ تو میرے دل میں اُترتا چلا جاتا تھا:

جب کبھی غیرتِ انساں کا سوال آتا ہے
بنتِ زہراؑء ترے پردے کا خیال آتا ہے

درمیاں لاشوں کے تنہا نظر آتے ہیں حسینؑ
جبکہ عاشور کے سورج پہ زوال آتا ہے

موت کس سوچ میں ہے لاشۂ اکبرؑ پہ کھڑی
کیا پیمبرؐ کی جوانی کا خیال آتا ہے

نیام میں رہنے دو تلوارِ حسین ابن علیؑ
موت کی بات کو اصغرؑ ترا ٹال آتا ہے

مجھے یاد ہے کہ چہلم سیدالشہدؑاء کے ایک جلوس میں یہ نوحہ پڑھا گیا تو میں تین چار مولانا حضرات کے ہمراہ اس جلوس کے ساتھ ساتھ تھا۔ جب اس نوحے کا حسبِ ذیل شعر پڑھا گیا:

یہ علمدارؑ کا بیٹا ہے کہ پانی جو ملے
جا کے سجادؑ کی زنجیر پہ ڈال آتا ہے

تو میں نے مولانا حضرات سے اپنی سابقہ بحثوں کے حوالے سے پوچھا: آپ کہتے ہیں کہ

Presented by www.ziaraat.com

شاعر لوگ تاریخی روایات کے برعکس بات کر جاتے ہیں کبھی (میر انیس تک) شہزادہ قاسمؑ کی شادی کروا رہے ہوتے ہیں تو کبھی فاطمہ کبریٰؑ کی بیوگی کو موضوع بناتے ہیں۔ کبھی علی اصغرؑ کے تبسم کو فتح خیبر سے جاملاتے ہیں اور کبھی علی اکبرؑ کو سہرے بندھواتے نظر آتے ہیں، براہِ کرم مجھے یہ بتائیں کہ کیا علمدار باوفاؑ کے بیٹے کے بارے میں کوئی ایسی روایت ملتی ہے؟ اور کیا فرزندِ عباسؑ کا ایسا کرنا بعید ہے۔ یقیناً کوئی روایات ایسی نہ بھی ملے تو فرزندِ عباسؑ سے یہ بعید نہیں کہ وہ فرزندِ حسینؑ کی پیاس اور جلتی زنجیروں کا احساس کرے۔ گویا یہ محسوسات اور ادراکات کے مراحل میں جو تاریخ نگاری کے نہیں جذبات نگاری کے زمرے میں آتے ہیں۔

جہاں تک تاریخ نگاری کا تعلق ہے تو اختر دوسرے شعرائے اہلِ بیتؑ کی طرح اپنے شعروں میں تاریخ کے طویل اور تلخ ابواب کو اس طرح بند کرتا ہوا دکھائی دیتا ہے کہ بڑے بڑے مؤرخ دادِ تحسین دینے پر مجبور ہو جائیں اور تاریخ مجسّم ہو کر آنکھوں کے سامنے مرئی حالت میں پھرنے لگے۔ چند مثالیں ملاحظہ فرمائیں:

حسینؑ کی بدلیوں میں گھر گیا زہراؑء کا چاند
مقصدِ اجرِ رسالت پر اندھیرا چھا گیا

قرآن جل بجھا تھا سقیفہ کی آگ میں
شعلے جو بچ رہے تھے وہ خیمے جلا گئے

فقط ایک بنی امیّہ کو جانئے نہ مجرم
کہ ہے کربلا کی نسبت کی سازش کہن سے

Presented by www.ziaraat.com

قصۂ قرطاس سے نسبت ہے اے اختؔر اُسے
جو فسانہ ابنِ ملجم آج دُہرانے کو ہے

تھا گمان جن کو نبیؐ کے حکم پر ہذیان کا
کیا ادب کرتے رسول اللہؐ کی تحریر کا

ہذیان سمجھے تھے جو فرمانِ نبیؐ کو
کرنے لگے تفسیر غلط فی القربا کی

اختر چنیوٹی کا کلام صرف عزائی اور ثنائی اعتبار ہی سے اہمیت کا حامل نہیں بلکہ وہ تاریخِ اسلام اور خصوصاً تاریخِ کربلا سے حاصل ہونے والی تسلیم و رضا، صبر و استقامت حق و صداقت، اخوتؑ و مساوات اور آزادی و حریت ایسی اقدار کی بہترین عکاسی کرتا ہوا بھی دکھائی دیتا ہے۔ گویا کسی انقلاب کا خواہاں ہو۔ مثلاً

اختؔر پہ صدا آتی ہے کربل کی زمیں سے
آزاد ہو باطل کی حکومت کو مٹا دو

(درسِ حریت)

اے صبر و رضا کی شہزادی حلقومِ رسن بستہ کی قسم
دُنیا میں سکینہؑ آج ترے غازی کا علم لہراتا ہے

(تسلیم و رضا)

عباسؑ نامدار کے لہو سے دُھلا ہوا
اب بھی حسینیت کا علم ہے کُھلا ہوا

(صبر و استقامت)

Presented by www.ziaraat.com

تو نے حسینؑ کر دیا باطل و حق کا فیصلہ
صبرو رضا کی جیت تھی جوروجفا کی ہار تھی

(حق وصداقت)

تفسیریں فریادی ہیں قرآن دہائی دیتا ہے
دربارِ خلافت میں پیہم اک شور سنائی دیتا ہے

(حق وصداقت)

اخترؔ چنیوٹی نے اگرچہ قصائد مناقب اور سلام بھی کہے لیکن جو شہرت اُس کو نوحہ نگاری سے حاصل ہوئی وہ کسی اور صنفِ ادب سے نہ مل سکی۔ دراصل اخترؔ کا مزاج نوحہ نگاری کے لیے نہایت موزوں تھا۔ وہ ملائم، مترنم اور نرم و گداز نیز رہگداز بحروں کا انتخاب کرتا تھا جن میں کچھ ہندی بحریں بھی شامل ہوتی تھیں اور شاید طرزیں بھی خود ہی بناتا تھا یا پھر کچھ رومانی طرزوں کا استعمال بھی کرتا تھا جو آج بھی اکثر نوحہ نگاروں کا وطیرہ ہے۔ چنانچہ اس کے نوحے نہایت پرسوز اور دلدوز ہیں۔

بے پردہ حرم میں ساتھ تیرے پردیسی دیس پرایا ہے
سجادؑ! معلوم تجھے اسلام کہاں لے آیا ہے

چھ ماہ کا یہ کمسن بچہ پہچان لیا عیسیٰؑ تو نہیں
شبیرؑ تری نصرت کے لیے یہ کون پیغمبر آیا ہے

اے خلافت! ہمیں حق چھننے کا افسوس نہیں
بس گواہوں کی شرافت کا خیال آتا ہے

اس کی تعریف یہ کہ ہے سگِ بابِ بتولؑ

Presented by www.ziaraat.com

ورنہ اختر کو کہاں کوئی کمال آتا ہے

امتِ صاحبِ معراج کو قرآن ملا
آلِ احمدؑ کو مگر شام کا زندان ملا

قاصدِ صغراؑ نے اکبرؑ کو تڑپتے دیکھا
ہائے کس حال میں مہمان سے مہمان ملا

قلدانِ شہِ مظلوم کے زمرے میں ہمیں
کوئی قاری تو کوئی حافظِ قرآن ملا

اختر چنیوٹی شہیدِ انسانیت کے حکم میں گھل گھل کر رزقِ خاک ہوا اور غم دُنیا و آخرت سے بے باق ہوا۔ اب جب تک غم حسینؑ منایا جاتا رہے گا اختر کے نوحوں کو دہرایا جاتا رہے گا اور یوں اُس کے نامۂ اعمال میں تا قائم قیامت اضافہ ثواب ہوتا رہے گا۔ علامہ ریاض حسین جعفری سرپرست ادارہ منہاج الصالحین کا خیال ہے کہ اپنے زمانے کی گرد بیٹھنے کے بعد نامی گرامی بے نشان ہو جاتے ہیں، لہٰذا اختر کے کلام کو محض سینہ گزٹ میں رہنے یا صدر در صدر منتقل ہونے کے ساتھ ساتھ کتابی صورت میں یکجا کرنا بھی ضروری ہے، کیونکہ آوازیں ہوا میں تحلیل ہو جاتی ہیں، جبکہ تحریریں صفحہ دہر پر ثبت اور ضبط رہتی ہیں، لہٰذا موصوف نے کئی سالوں کی محنت کے بعد اختر کے بکھرے ہوئے کلام کو یکجا کروایا اور اسے شایانِ شان طریقے سے شائع کرنے کا اہتمام کیا۔ ترتیب و تدوین کا کارِ خیر عزیزہ معصومہ بتول بنتِ علامہ ریاض حسینؒ جعفری کے حصے میں آیا جو قابلِ ستائش ہے۔ مگر اس سلسلے میں سب سے بڑی مشکل یہ تھی کہ اختر کا کلام اصلاح طلب ہے۔ مجھ سے رابطہ کیا تو

Presented by www.ziaraat.com

میں نے ”من آنم کہ من دانم“ کے مصداق اور اپنی مصروفیت کے سبب انھیں مشورہ دیا کہ کسی بزرگ شاعر اور کم از کم تین ناقدین سے رجوع کریں، لیکن انھوں نے میرے مشورے پر عمل درآمد کو مؤخر کرتے ہوئے کہا کہ فی الحال آپ ایک سرسری نظر سے دیکھ لیں تا کہ میں اس کلام کو محفوظ کر سکوں۔ دوسرے ایڈیشن میں مزید اصلاح وتنقید کو یقینی بنایا جائے گا۔ چنانچہ تعمیلِ ارشاد اور حکمِ حاکم کے مطابق اپنی مزدوری سے جو وقت نکال سکا نذرِ بارگاہ کیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اختر کا جو کلام کسی اُستاد کی نظر سے گزر چکا ہے وہ قابلِ اشاعت ہے اور جو ابھی نظر اُستاد کا محتاج ہے اس کی اصلاح قابل نمورامر ہے۔ مولانا صاحب سے یہ بھی التماس ہے کہ اختر کے پسماندگان (اگر کوئی ہیں) کو بھی اس کلام کی اشاعت کے اثمار کا مستحق جانیں اور آئندہ اشاعت سے پہلے سید وصید الحسن ہاشمی، ڈاکٹر سید شبہ الحق، سید مشکور حسین یاد اور پروفیسر حسن عسکری فاطمی جہان کو دکھالیں کیونکہ یہ اصحاب اس میدان میں ید طولیٰ رکھتے ہیں۔ بندہ بھی اُن کے ہمراہ ہوگا۔ یکے از غلامان اہل بیتؑ

ہاتھوں میں لے کے سید مظلوم کا علم
اختر جناں میں جائیں گے ہم پنجتنؑ کے ساتھ

یہ فخر کم نہیں اختر کہ تم کو اہل عزا
شہیدِ کرب و بلا کا غلام کہتے ہیں

تا ظہور مہدیؑ موعود اس کو روک لوں
کاش اے اختر مرا عمر رواں پر بس چلے

ایم۔ اے چودھری
میٹروپولٹن یونیورسٹی آف لاء اینڈ سوشل سائنسز لاہور

Presented by www.ziaraat.com

اختر درِ بتولؑ سے ادنٰی سی شے نہ مانگ
کم ظرف تو نے خواہشِ جنت فضول کی

تیرے در پہ جب بھی اختر نے کیا سوال مولاؑ
تیرا سوزِ عشق مانگا کبھی زندگی نہ چاہی

Presented by www.ziaraat.com

جب کبھی غیرتِ انساں کا خیال آتا ہے
بنتِ زہراء ترے پردے کا خیال آتا ہے

درمیاں لاشوں کے تنہا نظر آتے ہیں حسینؑ
جبکہ عاشور کے سورج پہ زوال آتا ہے

Presented by www.ziaraat.com

# حمد رب العرش العظیم

ناقص مرا شعور ہے عاجز مرا خیال　　میں بندۂ ذلیل ہوں تو ربّ ذوالجلال
تعریف آفتاب جہانتاب کی کرے　　اک ذرّۂ حقیر کی کیا تاب کیا مجال
تو ہے کہ قدرتوں کی تری حد ہے نہ حساب　　میں ہوں کہ ایک قیدیٔ زندان ماہ و سال
خاکِ حقیر میں ہوں خدائے قدیر تُو　　کیا میرا علم، کیا میرا فن، کیا ہے مرا کمال
محتاج میں ہوں صاحبِ لطف عمیم تُو　　معمور میں گنہ سے غفور الرحیم تُو
ربِ جلیل گرچہ ہوں میں خوار و ناتواں　　تیرے حبیب کے ہوں نواسے کا نوحہ خواں
روشن ہے دلِ میں داغِ شہنشاہِ مشرقین　　آنکھیں سدا حسینؑ کے غم میں گہرفشاں
ذرّے پہ ہو کرم ترا اے نورِ لایزال　　قطرے پہ لطف ہو تیرا اے بحرِ بیکراں
فضہ کا حوصلہ ہو عطا اس فقیر کو　　پھر کرسکوں مصائبِ آل نبیؐ بیاں
یارب عطا جو جذبِ براہمؑ ہو مجھے　　لکھوں حبیب ابن مظاہرؓ کی داستاں
ہو سامنے تجلیٔ سینا تو میں لکھوں　　کیا تھیں زہیر قینؓ کے سینے میں بجلیاں
شبیرؑ کا جو دستِ یقیں میں علم رہے　　کہتے ہیں جسکو خلد وہ زیرِ قدم رہے

جامِ ولا سے روح کو ایسا ملے سرور
دل میں نہ کچھ خیالِ وجود وعدم رہے

Presented by www.ziaraat.com

# نادِ علیؑ

نادِ علیؑ پڑھتے ہیں ہم اے گردنِ تسلیم خم
پاس ادب سے روک لے عمر رواں اپنے قدم

اے بادشاہ انس و جاں تیری شجاعت کا نشاں — روشن درخشاں جاوداں
ہے شہ پر جبرئیلؑ پر اک داستاں اب تک رقم

ہم سوئے پیمبرؐ گئے کچھ کہتے کہتے ڈر گئے — کیا جلد بازی کر گئے
تجھ کو خدا کہنے لگا ظالم نصیری ایک دم

خیبر تیرا محتاج ہے چالیسواں دن آج ہے — تیرے ہاتھ اب لاج ہے
شاہِ زمن خیبر شکن رکھ لے پیغمبر کا بھرم

پیغمبرانہ آن سے نیند آ گئی کس شان سے — شب بھر نئے عنوان سے
لوری تجھے دیتی رہی حق کی رضا تیری قسم

عزمِ غضنفرؑ دیکھ کر شان پیمبرؐ دیکھ کر — حیدرؑ کے تیور دیکھ کر
قدموں میں آ آ کر گرے کعبہ کے پتھر دل صنم

مولا امیر المومنینؑ چھینیں گے جس کو اہلِ کیں — یہ وہ وراثت تو نہیں
لاریب مستوں کی تیرے جاگیر ہے باغِ اِرَم

کعبہ مقدس سرزمیں حیدرؑ کا مسکن ہے یہیں — بنتِ اسد مریمؑ نہیں

Presented by www.ziaraat.com

واللہ ہٹ سکتے نہیں کرّار کے بڑھتے قدم

جب قیدیوں کا قافلہ پرپیچ راہوں سے چلا گہرا اندھیرا چھا گیا

یاد آ گئے ماں کو تیری زلفوں کے اکبرؑ پیچ وخم

آلام سے گھبرائیں کیوں در پر کسی کے جائیں کیوں یہ ہاتھ ہم پھیلائیں کیوں

اخترؔ کہ جن ہاتھوں میں ہے عباسؑ غازی کا علَم

Presented by www.ziaraat.com

# نامِ علیؑ

علیؑ وہ نام ہے مومن کا جس سے جی بہلے
مگر جو دل ہے منافق کا خوف سے دہلے

وفا میں اپنے پہلوان کو آزما لینا
خلافتوں کے جو جھگڑے ہو پھر چکا لینا
نبیؐ کے تخت پہ چاہے جسے بٹھا لینا
نصیریوں کو تو کوئی جواب دو پہلے

دلیر سب تھے پیمبرؐ کے آزمائے ہوئے
اجل کے خوف سے بیٹھے تھے سر جھکائے ہوئے
رسولؐ حق کا علم دوش پر اٹھائے ہوئے
عجیب شان سے خیبر میں مرتضیٰؑ ٹہلے

بھٹک رہے تھے ابھی رہ میں حاجیوں کے قدم
نمازیوں کی بھی رفتار تھی بڑی مدھم
پہنچ گیا لبِ کوثر بصد شکوہ و حشم
جنابِ حرؓ کے مریدوں کا قافلہ پہلے

Presented by www.ziaraat.com

رسن گلے میں ہوں ملبوس تار تار رہے
اگرچہ چہرہ طمانچوں سے داغدار رہے
وقار غیرت شبیرؑ برقرار رہے
سکینہؑ شام کے زندان کی سختیاں سہہ لے

ہمیں یہ ناز ہے اخترؔ کہ بوترابی ہیں
منافقوں کے لئے باعثِ خرابی ہیں
محمد ابن ابوبکرؓ کے صحابی ہیں
جناں میں جائیں گے اصحابِ باوفا پہلے

Presented by www.ziaraat.com

# اے مظہر العجائب

اے مظہر العجائب تو شانِ کبریا ہے
سالارِ اولیاء ہے عالَم کا پیشوا ہے

خالق جو ہم سخن ہے سردار دو جہاں سے
آواز آرہی ہے حیدر کی لامکاں سے

پردہ سا درمیاں ہے جانے یہ راز کیا ہے
ہم کم نظر تھے تجھ کو دوشِ نبیؐ پہ دیکھا
تجھ کو رسولؐ حق نے عرشِ جلی پہ دیکھا

گستاخ ہیں نصیری کہتے ہیں تُو خدا ہے

احراقِ بابِ زہراؑء اتنا تو کہہ زباں سے
اُڑ کر یہ آ گئی ہیں جنگاریاں کہاں سے

خیمے سلگ رہے ہیں قرآن جل رہا ہے

Presented by www.ziaraat.com

زخمی ہیں کان شاید زیور کسی نے چھینا
پہچانا تو اس کو اے مادرِ سکینہؑ

جانے یہ کس کا بچہ زنداں میں رو رہا ہے

جس پر نثار شاہی یہ وہ قلندری ہے
کاسہ تیرے گدا کا تاجِ سکندری ہے

اختر درِ علیؑ کا درویش بے نوا ہے

Presented by www.ziaraat.com

# قصیدہ

جز ولا سنگ حرم پر سر جھکانا ہے منع
بے رضائے مرتضٰی جنت میں جانا ہے منع

چھاؤں تلواروں کی غازیؑ کا مقامِ خواب ہے
سایۂ رحمت میں رہ کر غل مچانا ہے منع

ہے نظر کے سامنے جب منظرِ خُم غدیر
اے خِرَدِ معراج کا پردہ اٹھانا ہے منع

کربلا پر چھاگیا قرآن جلنے کا دھواں
کوفیوں سے کیا کہیں خیمے جلانا ہے منع

تھم گئی ہیں سسکیاں خاموش ہے زندانِ شام
اے سکینہؑ! قیدیوں سے روٹھ جانا ہے منع

کیوں نہ اے اختر دل قرآن سیپارہ رہے
چاک زہراؑء کی سندکا بھول جانا ہے منع

Presented by www.ziaraat.com

# قصیدہ

قانون اٹل ہیں قدرت کے انسان بدلتے رہتے ہیں
مہمان سرائے عالم کے مہمان بدلتے رہتے ہیں
دستورِ خلافت محکم ہے شیطان بدلتے رہتے ہیں
اس ایک فسانے کے کتنے عنوان بدلتے رہتے ہیں

گفتارِ خدا آوازِ علیؑ معراج کی شب ہے رازِ خفی
مانا کہ نصیری بھول گئے تسلیم کہ یہ چپ رہ نہ سکے
اے عرشِ معلیٰ تیرے بھی مہمان بدلتے رہتے ہیں

عیسیٰؑ کا سر تسلیم ہے خم موسیٰؑ بھی پئے تعظیم ہے خم
جبرئیلؑ کبھی، سلمانؓ کبھی، پہرے پہ کبھی عباسؑ جری
خاتونِ قیامت کے در کے دربان بدلتے رہتے ہیں

Presented by www.ziaraat.com

قرآن تو جل کر کہتا ہے آیات پہ حملے ہوتے ہیں
تاریخ گواہی دیتی ہے سادات پہ حملے ہوتے ہیں
اے جنگِ جمل ہر روز تیرے میدان بدلتے رہتے ہیں

کوفہ کے کبھی زندانوں میں بغداد کے ظلمت خانوں میں
دیکھا ہے اسیرِ شام کبھی خیموں میں سنا کہرام کبھی
اے بنتِ رسولؐ اللہ! تیرے زندان بدلتے رہتے ہیں

ظاہر ہے عیاں ہے شانِ علیؑ اخترؔ یہ حقیقت ہے ابدی
قرآن بدل سکتا ہی نہیں ہے اس کی محافظ ذاتِ جلی
جمہور کی شاہی میں اکثر مروان بدلتے رہتے ہیں

ہر اک شے مسافر ہر اک چیز فانی
ولائے علیؑ ہے مگر جاودانی

علیؑ جانشینِ رسولِ خدا ہے
علیؑ مظہرِ شانِ ربِّ علی ہے
کئی بار ہم نے تو اس سے کہا ہے
نصیری نے لیکن کسی کی نہ مانی

علیؑ شیرِ یزداں کو نیند آرہی ہے
رضا حق کی صدقے ہوئی جارہی ہے
فضاؤں پہ مستی سی لہرا رہی ہے
شبِ تار ہے کیا سہانی سہانی

Presented by www.ziaraat.com

خلافت کے منکر سے اک روز ہنس کر
عزازیل کہنے لگا اے برادر
اکٹھے رہیں گے جہنم میں چل کر
میری اور تیری ہے اِک سی کہانی

نہایت ہی دلچسپ تھا یہ تماشا
کہ محسنؑ کے قاتل کو آتے جو دیکھا
جہنم سے شیطان چلا کے بولا
مرے حال پر کیجیے مہربانی

لحد میں بھی اخترؔ عجب دن کٹیں گے
علیؑ ولی کی زیارت کریں گے
نکیرین سے ہم تو اتنا کہیں گے
فقیروں سے اچھی نہیں چھیڑ خوانی

Presented by www.ziaraat.com

# حسینیت

چمک رہا ہے فرازِ عرش بریں پہ اسلام کا ستارا
صدائے جبریلؑ آرہی ہے حسینؑ جیتے یزید ہارا

شہیدِ انسانیت کے ہے آستانِ عالی پہ خم ہمیشہ
جبینِ قیصر، سرِ سکندر، و قارِ کسریٰ شکوہِ دارا

حسینؑ وہ با اُصول غازی حسینؑ وہ معتبر نمازی
کہ جس نے اپنے لہو کی سرخی سے نقشِ اسلام کو سنوارا

حسینؑ جس کی نیاز مندی خدا کی رحمت کا آئینہ ہے
حسینؑ جس کی نگاہِ حق میں یہ راز تقدیر آشکارا

حسینؑ جس نے غلام قوموں کو سر بلندی کی رَہ دکھائی
بنادیا جس نے نرم موجوں کو تیز طوفاں کا تند دھارا

حسینؑ جس کی زبانِ حق آشنا محمدؐ کی ترجماں ہے
حسینؑ جس کی جبینِ روشن سے نورِ توحید آشکارا

Presented by www.ziaraat.com

شہیدِ محسنؑ کے قاتلِ بدگہر سے ملتی ہے اس کی صورت
بغور دیکھو یہ کون تھا جس نے حلقِ اصغرؑ پہ تیر مارا

سوار نوکِ سناں سے اِقرار کر رہی تھی علیؑ کی بیٹی
حسینؑ تو ساتھ ساتھ ہے تو بہن کو قیدِ ستم گورا

رسولؐ کا چھوڑ کر جنازہ جہاں مسلمان چل دیئے تھے
اسی طرف کر رہی ہیں مظلوم تیری تنہائیاں اشارا

نہ کوئی ہمدم نہ کوئی ساتھی نہ ہے کوئی غمگسار باقی
حسینؑ مرنے چلے ہیں زینبؑ کا توڑ کر آخری سہارا

گئی تھی فریاد لے کے شاید حسینؑ کی لاڈلی سکینہؑ
کسی نے کانوں سے دُر اتارے کسی نے بڑھ کر طمانچہ مارا

جنابِ حرؑ کو ملی تھی مہرِ ازل کی تابندگی جہاں سے
فقیر اخترؔ بھی ہے اسی آسماں کا ٹوٹا ہوا ستارا

Presented by www.ziaraat.com

# شانِ حسینؑ

صبحِ ازل کا نیر تاباں حسینؑ ہے
فطرت شناسِ عالم اِمکاں حسینؑ ہے
عزتِ نوازِ خلوتِ یزداں حسینؑ ہے
محکم نشان عظمتِ انساں حسینؑ ہے

دنیا پہ کردگار کا احساں حسینؑ ہے
ہر دورِ انقلاب کا عنواں حسینؑ ہے

غازیؑ، ستیزہ کار جگر گوشۂ بتولؑ
شبیرؑ وارثِ علَم عظمتِ رسولؐ
سردے دیا اطاعتِ فاسق نہ کی قبول
شبیرؑ جس نے زیست کو بخشے نئے اُصول

شبیرؑ کائنات کا دانائے راز ہے
شبیرؑ جس پہ ذاتِ الٰہی کو ناز ہے

Presented by www.ziaraat.com

پھیلیں نہ یہ کسی بھی تو نگر کے سامنے
پھیلائے ہیں جو ہاتھ تیرے در کے سامنے

مجھ کو نصیب مدحتِ آلِ رسولؐ کر
مظلومِ کربلا مرے آنسو قبول کر

Presented by www.ziaraat.com

# سلام......ہدیہ خیرُالانام

سلام اے شاہِ انبیاءِ سلام ختمِ مرسلیں
سلام امیرِ امرِ حق، سلام شفیعِ مذنبیںؐ

گڑے ہوئے ہیں ہر طرف تیرے وقار کے علَم
جھکی ہوئی ہے تیرے در پہ کائنات کی جبیں

کلامِ حق سنا رہا ہے آیۂ عَنِ الھویٰ
صدائے ربِّ ذُوالمنن تیری صدائے دلنشیں

تیرا جمال دلفروز، تیری زُلف پُر شکن
ازل کی صبحِ اولیں ابد کی شامِ آخریں

یزید کیا؟ مقابلے میں کوئی آ کے دیکھ لے
تیرا حسینؑ آج بھی اُلٹ رہا ہے آستیں

کھڑا ہے تیرے آستانِ پاک پر بچشمِ نم
شۂ امم قبول کر سلامِ اخترِ حزیں

Presented by www.ziaraat.com

# اے شامِ غریباں

سرکارِ حسینؑ کا علمدار کہاں ہے؟ اے شامِ غریباں !
بے آس یتیموں کا مددگار کہاں ہے؟ اے شامِ غریباں!

دن ڈوب گیا چھائی ہے ہر سمت اُداسی
گھر اپنا لٹا بیٹھی ہے احمدؐ کی نواسی

ان قیدیوں کا قافلہ سالار کہاں ہے؟ اے شامِ غریباں !

آئی ہے خزاں فاطمہؑ زہراؑ کے چمن میں
بے گور و کفن لاشۂ شبیرؑ ہے رن میں

اُجڑی ہوئی بستی کا عزادار کہاں ہے؟ اے شامِ غریباں !

سیدانیاں بیٹھی ہیں بصد مامیں کھلے سر
پہنانے کو طوق آئے ہیں عابدؑ کو ستمگر

بیمارؑ چلا جائے گا انکار کہاں ہے؟ اے شامِ غریباں !

دریا پہ تڑپتا ہے علمدارؑ کا لاشہ
ہے آج کی شب زینبؑ دلگیر کا پہرہ

معصوم سکینہؑ کا وہ غمخوار کہاں ہے؟ اے شامِ غریباں !

مقتل کی طرف دیکھ کے روتی ہے سکینہؑ
ہے دور بہت یاں سے محمدؐ کا مدینہ

بیمارؑ، بہترؑ کا عزادار کہاں ہے؟ اے شامِ غریباں !

Presented by www.ziaraat.com

# شامِ غریباں

روتی ہوئی، خاک اُڑاتی ہوئی آئی شامِ غریباں
دامن سے شمعیں بجھاتی ہوئی آئی شامِ غریباں

آنسو بہاتی فریاد کرتی اکبرؑ کی تشنہ لبی یاد کرتی
روتی ہوئی اور رُلاتی ہوئی آئی شامِ غریباں

فریاد ماں کی ہے قسمت نرالی ویران ہے گود، جھولا ہے خالی
اصغرؑ کو لوری سناتی ہوئی آئی شامِ غریباں

اُجڑی سہاگن کی قسمت پہ روتی تیروں سے سہرے کی لڑیاں پروتی
قاسمؑ کو دُولہا بناتی ہوئی آئی شامِ غریباں

بنتِ علیؑ کا پردہ بچائیں عباسؑ غازی کو دیتی صدائیں
آواز دے کر بلاتی ہوئی آئی شامِ غریباں

رقت ہے ہر اک صدا میں لرزہ رہے اخترؔ ارض و سما میں
علیؑ کو بلاتی ہوئی آئی شامِ غریباں

Presented by www.ziaraat.com

# فقیروں کی نظر

کب فقیروں کی نظر میں طور ہے
عظمتِ حیدرؑ کی منزل دور ہے

ہم ثنا خواں خواجۂ قنبرؓ کے ہیں
ہم گداگر ساقیٔ کوثر کے ہیں
لشکری ہم فاتحِ خیبر کے ہیں
تاج شاہی ہم کو نامنظور ہے

مسجد و محراب ہیں ان کے امام
بیعتِ منبر سمجھتے ہیں حرام
زاہدوں کی اس عبادت کو سلام
لب پہ اِلاّ اللہ دل میں حور ہے

صاحبِ لولاکؐ کی آنکھوں کا نور
مادرِ حسنینؑ و زینبؑ غم سے چور ہے
رو رہی ہیں جاکے آبادی سے دور
فاطمہؑ بنتِ نبیؐ مجبور ہے

Presented by www.ziaraat.com

قیدیوں کے قافلہ سالار سے
صاحب غیرت سے، اس خود دار سے
یہ نہ پوچھو عابد بیمارؑ سے
کربلا سے شام کتنی دور ہے

ہر نظر ہے سیدِ مظلومؑ پر
آیۂ تطہیر کے مفہوم پر
شہ کی نظریں زینب و کلثومؑ پر
یہ محرّم کی شبِ عاشور ہے

یہ بھی اے اخترؔ عبادت ہے بڑی
آزمائش گرچہ کتنی ہو کڑی
دشمنِ حیدرؑ پہ لعنت ہر گھڑی
ہم فقیروں کا یہی دستور ہے

Presented by www.ziaraat.com

# فریاد

فریاد سن فقیر کی اے ربِ ذُوالجلال
فانی ہر ایک شے ہے تری ذات کو دوام

ربِ قدیر مالکِ لوح و قلم ہے تُو
قبضے میں تیرے گردشِ حالات کی زُمام

یاساترالعراب و یا غافرالذنوب
رحمت کی اک نظر بہ طفیل شہ انام

بہر حسینؑ برائے جگر گوشہ بتولؑ
یارب برائے حرمتِ مظلوم تشنہ کام

Presented by www.ziaraat.com

ربِ جلیل بہر شہیدانِ کربلا
پروردگار بہر اسیرانِ ملکِ شام

مجھ بے نوا کو خاکِ در بو ترابؑ کر
ذرّہ ہوں میں اُٹھا کے مجھے آفتاب کر

ربِ کریم تیری مقدس جناب میں
منظور ہو یہ اخترؔ ناچیز کا کلام

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

زندان کی تنہائی میں جی بھر کے سکینہؑ رو لے
فریاد نہ کر معصومہؑ! آرام سے دکھیا سو لے

دُر چھینے کا غم کیا ہو گا کچھ ہے تو شکایت یہ ہے
کم قیمت پر اُمت نے بحرین کے موتی تو لے

سہمے ہوئے بچے ڈر کر نیند سے چونک نہ اُٹھیں
حرؑ سے کوئی جا کر کہہ دو ناراض نہ ہو کر بولے

سایہ نہیں کوئی مولاؑ بیٹھے ہیں گرم زمیں پر
مظلوم اجازت ہو تو جبرئیلؑ پَروں کو کھولے

Presented by www.ziaraat.com

خاموش ہیں بہتے آنسو مرنے کو چلے ہیں دولہا
اک رات کی بیاہی دلہن اس وقت کہو کیا بولے

رہ دیکھتی تھک جاؤں گی مرجاؤں گی روتے روتے
ہمشکل نبیؐ سے رخصت بیمارؒ مدینہ ہولے

معلوم نہیں تھا اختر قرآن جلایا کس نے
خیموں کو جلانے والو یہ بھید تمہیں نے کھولے

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

مجرئی قاصد بیمارِ مدینہ آیا
خاک اُڑتی ہے محرم کا مہینہ آیا

اے مسلمانو! یہ طوفان کدھر سے آیا
کیوں تباہی میں پیمبرؐ کا سفینہ آیا

دیکھ کر لاشۂ شبیرؑ کو بے گوروکفن
یاد زینبؑ کو محمدؐ کا مدینہ آیا

دیکھ فضہ یہ کہیں قاتلِ محسنؑ تو نہیں
کون خیموں کو جلانے یہ کمینہ آیا

دیکھ کر سیدِ مظلوم کی تنہائی کو
شرم سے موت کے ماتھے پہ پسینہ آیا

تجھ سے انسان نے جینے کا سلیقہ سیکھا
تجھ سے انصاف پہ مرنے کا قرینہ آیا

Presented by www.ziaraat.com

کس نے دُر چھین لئے کس نے طمانچہ مارا
کیوں نہ امداد کو سقائے سکینہؑ آیا

نذر منظور ہو مولاؑ تیرے در پر اختر
چشم تر میں لئے اشکوں کا خزینہ آیا

بجھ گئے شامِ غریباں کے چراغ اے اختر
ایسا طوفان زمانے میں کبھی نہ آیا

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

لوٹا ہوا تھا قافلہ شام کی رہگذار تھی
دشتِ بلا میں نوحہ گر زینبؑ دلفگار تھی

اکبرؑ کی لاش پر نہ پوچھ موت کی زردیاں نہ تھیں
اٹھتا ہوا شباب تھا سوئی ہوئی بہار تھی

جلتے رہے ہر ایک شام قبرِ رسولؐ پر چراغ
صغرٰا تیرے نصیب میں ظلمتِ انتظار تھی

صبرِ خلیلؑ سجدہ کر بارگہِ حسینؑ میں
ننھی سی لاش گود میں پہلو میں ذوالفقار تھی

تو نے حسینؑ کردیا باطل و حق کا فیصلہ
صبر و رضا کی جیت تھی جور و جفا کی ہار تھی

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

بے ردا بنتِ علیؑ ہے شام کے بازار میں
کیا قیامت کی گھڑی ہے شام کے بازار میں

لاڈلی شہؑ کی سکینہؑ اشک آنکھوں میں لئے
خوف سے سہمی ہوئی ہے شام کے بازار میں

ہر طرف چھائی ہوئی ہیں ظلم کی تاریکیاں
شمعِ غیرت جل رہی ہے شام کے بازار میں

یاد کر صبحِ مدینہ حیف اے شمسِ فلک
آج تیری روشنی ہے شام کے بازار میں

غیرتِ اسلام تیرے آنسوؤں کو کیا ہوا
آج زینبؑ رو رہی ہے شام کے بازار میں

جس ستم کی ابتداء اختر سقیفہ سے ہوئی
انتہا اس کی ہوئی ہے شام کے بازار میں

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

تفسیریں فریادی ہیں قرآن دُہائی دیتا ہے
دربارِ خلافت میں پیہم اک شور سنائی دیتا ہے

جب خون کے آنسو عابدؑ کی آنکھوں میں کبھی تھم جاتے ہیں
بازار نظر میں پھرتے ہیں زندان دکھائی دیتا ہے

قاسمؑ کے سجیلے ہاتھ گواہ ریش ابنِ مظاہرؓ کی شاہد
نکھرے جب خونِ شہادت کا تو رنگ حنائی دیتا ہے

دن ڈھل گیا کتنی ہی ابھی لاشوں کا اٹھانا باقی ہے
شبیرؑ خدا کے کاموں میں مصروف دکھائی دیتا ہے

یعقوبؑ سے کوئی جا کے کہے رُوتی ہوئی آنکھوں سے دیکھے
شبیرؑ مسافر کو اکبرؑ پیغامِ جدائی دیتا ہے

اخترؔ انہیں کہہ دو اٹھ جائیں لولاک سما کی محفل سے
فرمانِ نبیؐ جن لوگوں کو ہذیان دکھائی دیتا ہے

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

بے پردہ حرم ہیں ساتھ تیرے پردیسی دیس پرایا ہے
سجادؑ خدا معلوم تجھے اسلام کہاں لے آیا ہے

چھ ماہ کا یہ کمسن بچہ پہچان لیا عیسیٰؑ تو نہیں
شبیرؑ تیری نصرت کے لئے یہ کون پیغمبرؐ آیا ہے

تیروں، تلواروں، نیزوں کے شبیرؑ نے کتنے زخم سہے
یہ زخم مگر کچھ گہرا ہے سجادؑ جو تو نے کھایا ہے

زینبؑ کو نہیں کچھ قید کا غم یہ بات مگر رُلاتی ہے
شبیرؑ کا لاشہ دھوپ میں ہے زندان میں گہرا سایہ ہے

یہ میت پیغمبرؐ تو نہیں قیدی کا جنازہ ہے لوگو!
بازار میں لاش رقیہ سکینہؑ کی بیمارؑ اُٹھا کر لایا ہے

اخترؔ یہ تیری آواز نہیں فریاد ہے کیا یہ زینبؑ کی
یٰسین کے آنسو بہتے ہیں قرآن کا دل بھر آیا ہے

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

کہتا جو کوئی عابدؑ سے کہیں آرام بھی تم کو حاصل ہے
سجادؑ یہ روکر کہتے تھے پُر خار ہماری منزل ہے

کہتے تھے عدو سینہ سے نکالیں گے برچھی کی
شبیرؑ بھی گو صابر ہے مگر یہ کام بلا کا مشکل ہے

اکبرؑ نے کہایوں وقتِ نزع اے فاطمہ صغراؑ سوگ نشیں
تم دیکھ رہی ہو جس کی وہ ریت گرم پر بسمل ہے

شبیرؑ نے لاکر سائے میں دیا درس اِلا اِلّا اللہ
عابدؑ اسیری کے بدلے وحدت سے رسالت واصل

روتے تھے ملائک بھی اختر ہوئی آلِ عبا جو اسیر ستم
جبرئیلؑ کی آتی تھی یہ صدا تطہیر انہیں پر نازل ہے

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

سورج سے ذرا کہہ دو پردے میں چلا جائے
زینبؑ کی اسیری کا افسانہ کہا جائے

اے ثانیٔ زہراؑ منہ بالوں سے چھپا لینا
تطہیر کی چادر کو جب چھین لیا جائے

پہرے ہیں لعینوں کے دریا کے کنارے پر
بحرین کے والی کو پانی نہ دیا جائے

غش سے تو ذرا آنکھیں سجادؑ نے کھولی ہیں
زینبؑ کا سرِ عُریاں پھر یاد نہ آجائے

یہ حکمِ امامت تھا دریا پہ رہے غازی
پہنے ہوئے زنجیریں بیمار چلا جائے

اخترؔ نے نہ چھیڑا تھا افسانہ سقیفہ کا
قرطاس و قلم بولے ہم سے نہ رہا جائے

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

سجادؑ سا کوئی بے خانماں نہ ہو
لُوٹا ہوا کسی کا کارواں نہ ہو

صبر و رضا کی ہے منزل بہت کڑی
دل غم سے چور ہو لب پرفغاں نہ ہو

چھد جائے تیرے فرزند کا گلہ
خیمہ سے دیکھتی یہ ماں نہ ہو

بیٹا جواں مرے ہو دیکھتا پدر
تقدیر اس طرح نامہرباں ہو

گردن رسن میں ہو زنداں ہوتنگ وتار
کم سن کسی پہ یوں قید گراں نہ ہو

پہلے کی بات ہے قرآن تھا جلا
اس کا ہی کربلا اخترؔ دھواں ہو

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

بے پردہ سرِ عام جو یہ پردہ نشیں ہے
سورج ذرا پہچان یہ زینبؑ تو نہیں ہے

شبیرؑ جو ہیں وارث دستارِ نبیؐ کے
زینبؑ ہے کہ جو چادرِ زہراؑء کی امیں ہے

دریا بھی بہت دور نہیں تشنہ لبوں سے
نزدیک ہے کوثر یہ شہیدوں کو یقیں ہے

ریتی پہ ہیں بکھرے ہوئے گل باغ نبیؐ کے
ہے دھوپ کڑی دشت میں سایہ نہ کہیں ہے

Presented by www.ziaraat.com

کربل کے ہیں ذرّوں میں لہو سبط نبیؐ کا
یہ عرش کی ہم پایہ ہے وہ پاک زمیں ہے

زہراؑء کی صدا آتی ہے روضہ سے نبیؐ کے
صغرؑا تیرے رونے کی یہ آواز نہیں ہے

اخترؔ یہ سکوں ہے کہ چلے ہیں جو جہاں سے
دل میں کوئی غم جز غم شبیرؑ نہیں ہے

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

اُڑاتی خاک ماتم کی مدینہ سے صبا آئی
کہ جیسے فاطمہؑ صغراؑ کے رونے کی صدا آئی

کرو اے کلمہ گویان محمدؐ بند آنکھوں کو
بھرے دربار میں زہراؑء کی بیٹی بے رِدا آئی

اَجل کو لاشِ ہمشکلِ پیمبرؐ سے حجاب آیا
حبیب ابنِ مظاہرؓ کی ضعیفی سے حیا آئی

ستم کرتی رہی امت مگر بیمار عابدؑ کے
کبھی دل پر ملال آیا نہ لب پر بددعا آئی

Presented by www.ziaraat.com

یہ زینبؑ ہے امیرِ شام کے دربار میں جیسے
گواہوں کو لئے بنتِ رسولؐ دوسرا آئی

اُٹھا کر لاشِ اکبرؑ جب چلے شبیرؑ خیموں کو
خلیلؑ اللہ کی پیہم صدائے مرحبا آئی

غم دنیا سے اے اخترؔ ہوا دل بے نیاز اُس کا
مصیبت میں جسے یادِ شہیدانِ کربلا آئی

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

نوکِ سناں پہ کون یہ قاری سوار ہے
شبیرؑ انقلاب کا پروردگار ہے

پھیلے ہوئے ہیں نوحے فضاؤں میں آجکل
عالم تمام غم میں ترے اشکبار ہے

زینبؑ پکار اٹھی مرے بھائی تیری خیر
خیموں میں خالی آیا ترا راہوار ہے

صغراؑ یہ رو کے کہتی تھی اکبرؑ تیرے نثار
وقتِ نزع ہے آ کہ تیرا انتظار ہے

زہراؑء کی گود کا ہے یہ پالا ہوا حسینؑ
سینے پہ آج جس کے یہ قاتل سوار ہے

Presented by www.ziaraat.com

## نوحہ

معصوم سکینہؑ نے دن چین کے کم دیکھے
باباؑ سے جدا ہو کر قیدوں میں الم دیکھے

دیکھے کوئی زنجیریں سجادؑ کے پاؤں میں
ہاتھوں میں خلافت کے قرطاس و قلم دیکھے

تھا حکم یہ حاکم کا تطہیر کی شہزادیؑ
محتاجِ ردا ہو کر دربارِ ستم دیکھے

شکوہ ہے جنہیں اختر شبیرؑ کے رونے میں
غاروں میں وہی روتے اللہ کی قسم دیکھے

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

ہم سفر جتنے تھے سارے جانبِ کوثر چلے
اب نہیں شبیرؑ کا کوئی بھی ساتھی دن ڈھلے

اے خلیلؑ اللہ اس کو انبیاءؑ میں کر تلاش
کون ہے جو خونِ اصغرؑ اپنے چہرے پر ملے

شہپر جبرئیلؑ کے سائے کی کیا حاجت انہیں
جو نمازِ عشق کرتے ہیں اَدا خنجر تلے

تیری قسمت میں جدائی کا اندھیرا ہی سہی
فاطمہؑ صغرؑا چراغِ قبرِ پیغمبر جلے

شام کا بازار اور اِحراقِ بابِ فاطمہؑ
کس قدر مشکل تھے یہ صبر و رضا کے مرحلے

Presented by www.ziaraat.com

دل نہ بھر آیا کسی بھی صاحب اولاد کا
ہائے اک رسی میں تھے جکڑے ہوئے بارہ گلے

تاظہورِ مہدیؑ موعود اس کو روک لوں
کاش اے اختر مرا عمر رواں پر بس چلے

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

بن میں پکاری فاطمہؑ مجھ کو ستا کے کیا ملا
خون مرے حسینؑ کا ہائے بہا کے کیا ملا

پیشِ یزید شہ کا سر طشت میں تھا زمین پر
ہائے چھری حسینؑ کے لب پہ لگا کے کیا ملا

لوگو! قرآن سے کم نہ تھا سینہ مرے حسینؑ کا
پاؤں تھا اس پہ شمر کا ہائے دبا کے کیا ملا

جس کا جنازہ رات کو دفن ہوا مدینہ میں
لٹ گئیں اس کی بیٹیاں قیدی بنا کے کیا ملا

ہائے ظلم سے ناریو لوٹا ہے بنتِ بتولؑ کو
آلِ نبیؐ کے خیموں کو ہائے جلا کے کیا ملا

Presented by www.ziaraat.com

قاصدِ صغریٰؑ نے اکبرؑ کو تڑپتے دیکھا
ہائے کس حال میں مہمان سے مہمان ملا

قاتلانِ شہؑ مظلوم کے زمرے میں ہمیں
کوئی قاری تو کوئی حافظِ قرآن ملا

جل بجھی آگ تو خیموں کی جگہ اے اختؔر
اہلِ اسلام کو جلتا ہوا قرآن ملا

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

ہم اس شہیدِ جفا کا پیام کہتے ہیں
جسے حسین علیہ السلام کہتے ہیں

رُلا رہی ہے زمانے کو خون کے آنسو
وہ شام جس کو غریبوں کی شام کہتے ہیں

زمانہ بھر کے شہیدوں کی آبرو بن کر
غریب باپ کو اصغرؑ سلام کہتے ہیں

سکینہؑ پھیل رہے ہیں جہاں سیہ سائے
اسی مقام کو زندانِ شام کہتے ہیں

Presented by www.ziaraat.com

فرات یاد ہے تجھ کو تیرے کنارے پر
مسافروں نے کیا تھا قیام کہتے ہیں

غضب ہے اہلِ سیاست نے بنتِ پیغمبرؐ
کیا نہ کچھ بھی تیرا احترام کہتے ہیں

یہ فخر کم نہیں اختؔر تجھ کو اہلِ عزا
شہیدِ کرب و بلا کا غلام کہتے ہیں

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

رُخ سے منافقین کے اٹھی رہے نقاب
ہاتھوں میں اس فقیر کے جب تک قلم رہے

کافی ہے مجھ کو اِک درِ سلطانِ کربلا
گردن کسی رئیس کے در پر نہ خم رہے

لکھتا رہوں مصائب اولاد مصطفےؐ
جب تک سکت ہو ہاتھ میں آنکھوں میں دم رہے

غمہائے روزگار سے خوف وہراس کیا
بندے پہ اپنے جب تیری چشمِ کرم رہے

ہو روحِ کائنات سدا میری ہمنوا
جاری زباں پہ ذکرِ علیؑ دم دم رہے

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

فرزندِ پیمبرؑ پہ یہ جوروجفا کیوں ہے
اے چرخ تلے خنجر پیاسے کا گلا کیوں ہے؟

قرآن کو رکھتے ہیں سب رحل میں عزت سے
سرِ مصحفِ ناطق کا نیزے پہ چڑھا کیوں ہے؟

دربار میں حاکم نے پوچھا ہے سکینہؑ سے
کرتہ یہ ترا یوں خوں میں بھرا کیوں ہے؟

وہ بولی یتیمی ہے بابا ہے گیا مارا
سن میرا بہت چھوٹا یہ جورو جفا کیوں ہے؟

برچھی علی اکبرؑ نے گر کھائی نہیں رن میں
قلبِ شہ والا میں پھر درد اٹھا کیوں ہے؟

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

سکینہؑ نے پوچھا یہ باچشم تر تو آتا ہے خالی اے رہوار کیوں
گئے پانی لینے کو تھے نہر پر نہیں آئے مڑ کر علمدار کیوں

یہ صغریٰؑ نے عاشور کی شب کہا فضاؤں میں کیوں بیقراری سی ہے
ستارے فلک پر ہیں غمگین سے سیہ پوش ہے تو شب تاریکیوں

جو جھٹلائے اس فاطمہؑ کو کہ ہے صداقت پہ جس کی خدا خود گواہ
بتا تو اے مذہب یہ انصاف سے نہیں وہ لعین و ستمگار کیوں

شفق خون روئی گیا شام میں جو لوٹا ہوا کاروانِ حسینؑ
نہ تھا کوئی غمخوار آلِ نبیؐ جو کہتا یہ تشہیر و آزار کیوں

جو عباسؑ جانباز زخمی ہوئے تو خیموں سے آنے لگی یہ صدا
ہمیں چھوڑ کر بیکس و بے وطن چلے ہوا سیروں کے غمخوار کیوں

جنہوں نے اے اختر نہ رونے دیا تھا بھائی کے لاشہ پر ہمشیر کو
گلہ ان کو شیعوں سے کیسے نہ ہو شبیرؑ کے یہ عزادار کیوں

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

## صبحِ آزادی

شہیدانِ وفا کی یاد میں آنسو بہاتے ہیں
حسینؑ ابنِ علیؑ کی داستانِ غم سناتے ہیں

بہتر کے لہو سے صبحِ آزادی ہوئی روشن
سحر ہونے سے پہلے چاند تارے ڈوب جاتے ہیں

بپا ہے دو جہاں میں آج بھی شبیرؑ کا ماتم
سنا تھا لوگ پردیسی کو اکثر بھول جاتے ہیں

اُٹھا تھا جن کی مادر کا جنازہ پردہ شب میں
اسیرِ شام کے دربار میں بلوائے جاتے ہیں

علی اصغرؑ نے ثابت کر دیا تیرِ ستم کھا کر
اجل کے سامنے یوں مردِ میداں مسکراتے ہیں

Presented by www.ziaraat.com

دھواں جنگل میں پھیلا ہے لگی ہے آگ خیموں میں
یہ ہیں اوراقِ قرآں اشقیا جن کو جلاتے ہیں

نہ جانے مادرِ اصغرؑ کے دل پر کیا گذرتی ہے
زباں خاموش ہے آنکھوں میں آنسو آئے جاتے ہیں

پیغمبرؐ کا جنازہ ہے نظر کے سامنے اختر
اٹھا کے لاشِ ہمشکلِ نبیؐ شبیرؑ لاتے ہیں

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

ملت شہیدِ ظلم غریب الدیار میں
خیبر کی تیزیاں نہ رہیں ذوالفقار میں

میں پکاریں گیسوئے اکبرؑ کو دیکھ کر
سایہ ہے چاند سایہ ابرِ بہار میں

نہ کی قبول سواری یزید کی
تھی غیرت بلند ترے راہوار میں

سورج کی گرم و تیز نگاہیں بھی تھک گئیں
زخم تن حسینؑ نہ آئے شمار میں

تھا سوئے شام اسیروں کا قافلہ
زنجیر کا ہے شور ابھی رہگذار میں

Presented by www.ziaraat.com

پہن کے آتی رہیں ماتمی لباس
صغراؑ کو نیند آ نہ سکی انتظار میں

نہر فرات شرم سے اختر ہے آب آب
پیاسوں کی آنسوؤں سے بھری یادگار میں

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

مقتل کی طرف لاشۂ شبیرؑ کو دیکھا
لٹتے ہوئے جب چادرِ تطہیر کو دیکھا

زینبؑ کو نہ کچھ اپنی اسیری کا رہا غم
جب عابد بیمار کی زنجیر کو دیکھا

رہوار نے فوجوں میں علمدار کو ڈھونڈا
جب تیروں کی برسات میں شبیرؑ کو دیکھا

حرمل نے کئی بار کماں کھینچ کے روکی
دیکھا کبھی بچے کو کبھی تیر کو دیکھا

Presented by www.ziaraat.com

اکبرؑ نے دمِ نزع نظر کی جو وطن میں
ڈیوڑھی پہ کھڑے صغرائے دلگیر کو دیکھا

رسی میں گلا منہ پہ طمانچوں کے نشاں تھے
سجادؑ نے جب لاشۂ ہمشیر کو دیکھا

اخترؔ ہے نگاہوں میں پیمبرؐ کا جنازہ
کربل میں اسی خواب کی تعبیر کو دیکھا

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

اے مجرئی دشت بلا میں تنہا فرزندِ علیؑ ہے
خیمہ سے بہن بھائی کی تنہائی دیکھ رہی ہے

ہے فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ شبیرؑ کا سجدہ آخر
گویا کہ نمازِ پیغمبرؐ تیروں میں ادا ہوتی ہے

شبیرؑ نے جبکہ پکارا هَلْ مِنْ نَّاصِرٍ يَنْصُرُنَا
لبیک اے دین کے ناصر اصغرؑ کی صدا آتی ہے

گھوڑے سے گرے جب اکبرؑ قاصد نے کہا یوں آ کر
اٹھوائے گیسوؤں والے صغراؑ رہ دیکھ رہی ہے

Presented by www.ziaraat.com

تطہیر کو آ کے بچاؤ اے نہر پہ سونے والو
فریاد حسینؑ کے یاور خیموں میں آگ لگی ہے

مظلوم حسینؑ اخترؔ کو کافی ہے فقیری تیری
لاریب اس در کی گدائی بھی تخت سلیمانؑ سی ہے

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

پردہ دارِ انبیا روتی رہی
فاطمہؑ زہراؑ سدا روتی رہی

اس طرح یعقوبؑ بھی روئے نہ تھے
جس طرح یہ بے نوا روتی رہی

ہاں مسلمانوں کی آبادی سے دور
دخترِ خیرالوریٰ روتی رہی

روئی پردے میں سدا بنت نبیؐ
بنتِ حیدرؑ بے ردا روتی رہی

سوچ میں اخترؔ ہیں قرطاس و قلم
کیوں شہیدِ حسبنا روتی رہی

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

شبیرؑ نہ ہوتے تو اسلام کہاں ہوتا
دنیا میں پیمبرؐ کا پیغام کہاں ہوتا

بے تاب تڑپتے تھے ہونے کو فدا اصغرؑ
جھولے میں مجاہد کو آرام کہاں ہوتا

اللہ کے خلیفے کا انکار کیا ورنہ
سردار فرشتوں کا بدنام کہاں ہوتا

یہ ثانیٔ زہرؑا ہی کی قید کا صدقہ ہے
ماتم شہ بیکس کا یوں عام کہاں ہوتا

تامرگ رہی آنکھیں صغرؑا کی لگی رہ پر
بیمار کو فرقت میں آرام کہاں ہوتا

تھی سورہ کوثر کی تفسیر ابھی باقی
جزلختِ دلِ زہرؑاء یہ کام کہاں ہوتا

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

عباسؑ نامور کے لہو سے دُھلا ہوا
اب بھی حسینیت کا علَم ہے کُھلا ہوا

اصغرؑ کو لے کے آئے ہیں میدان میں حسینؑ
ہاتھوں پہ ہے رسول کے قرآں کھلا ہوا

یہ لاشۂ حسینؑ ہے اے امتِ نبیؐ
تنہا ہے مصطفےٰ کا جنازہ پڑا ہوا

اکبرؑ کو لے کے آئے ہیں شہ اس مقام پر
پائے خلیلؑ بھی ہے جہاں ڈولتا ہوا

ہمشکلِ مصطفیٰؐ کے جو رُخ سے نظر ہٹی
رنگِ اجَل حسینؑ نے دیکھا اُڑا ہوا

Presented by www.ziaraat.com

اکبرؑ چلے بھی آؤ بہت دن گزر گئے
ہے آنسوؤں سے نامۂ صغریٰؑ لکھا ہوا

سبط رسول تیری شہادت نے بھر دیا
اسلام کی رگوں میں لہو کھولتا ہوا

اخترؔ یہ بحث کیسی ہے چہرے پہ شمر کے
ہے صاف لفظِ قاتلِ محسنؑ لکھا ہوا

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

ٹھہرو علی اکبرؑ تمہیں دولہا تو بنالوں
رُک جاؤ کہ صغراؑ کو مدینہ سے بلا لوں

ماں کو غم فرقت کے اندھیرے ہی میت ہیں
تھم جاؤ کہ والیل کی زُلفوں کو سجالوں

حسرت ہے کہ جی بھر کے تمہیں دیکھ تو لوں میں
روٹھی ہوئی تقدیر کو دم بھر تو منالوں

ڈرتی ہوں جنازہ پہ تیرے تیر نہ برسیں
تصویرِ محمدؐ تجھے آنکھوں میں چھپالوں

تم بای کعبہ کی زیارت کو چلے ہو
لو باندھ لو اِحرام میں دستار سنبھالوں

رُک جا مرے بیٹے کہ ذرا اہل جہاں کو
میں خوابِ براہیمؑ کی تعبیر بتالوں

Presented by www.ziaraat.com

میں دیکھ رہی ہوں میرا پردہ نہ بچے گا
کافی ہے کہ میں چادرِ زہراؑ کو بچالوں

جاتے ہو تو دے جاؤ سکینہؑ کو تسلی
میں پرچمِ عباسؑ علمدار اٹھالوں

جنت سے یہ رضواں کی صدا آتی ہے اختر
نوحہ گر شبیرؑ کو آنکھوں پہ بٹھا لوں

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

سر دے کے جس نے غیرتِ اسلام کی بچالی
اس بے نواکو ساری دنیا ہے رونے والی

ہم سے گلہ ہے پہلے کعبہ سے جاکے کہئے
پوشاک آپ نے کیوں پہنی حضور کالی

سو دے تو ہو چکے تھے دستارِ مصطفٰےؐ کے
زہراؑء تری رِدا ابھی امت نے بیچ ڈالی

عرشِ عظیم لرزا حرمل کے ہاتھ کانپے
تیرا جل کی ہنس کر اصغرؑ نے بات ٹالی

جنت کو حرؑ چلا ہے حیرت ہے صوفیوں کو
انگشت در دہاں ہیں یاں شافعی وغزالی

فریاد لے کے جاتی روضہ پہ مصطفٰیؐ کے
اُجڑے گھروں کو صغرٰاؑ جب دیکھتی تھی خالی

Presented by www.ziaraat.com

شیوہ نہیں ہمارا اخلاق سے گزرنا
مذہب نہیں سکھاتا دینا کسی کو گالی

ماں کہہ کے تجھ کو فضہؑ زینبؑ پکارتی تھی
مریمؑ سے آسیہؑ سے تیرا مقام عالی

مٹھی میں اس کی اختر جاگیرِ دو جہاں ہے
سلطانِ کربلا سے کچھ مانگ لے سوالی

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

یہ عبارت کربلا کی خاک پر تحریر ہے
ماتمِ تاریخِ انساں ماتمِ شبیرؑ ہے

مذہبِ اسلام یہ حق کا پیامِ آخری
کربلا کے غازیوں کا نعرۂ تکبیر ہے

شہ نے کھینچی سینۂ اکبرؑ سے برچھی کی انی
کتنی روشن خوابِ ابراہیمؑ کی تعبیر ہے

حجرِ اسود سے ہے تیرے جون کا رتبہ بلند
کربلا تو خانۂ حق کی نئی تعمیر ہے

یہ وہ صورت ہے ہوا قرآن کا جس پر نزول
چہرۂ اکبرؑ رسولؐ اللہ کی تصویر ہے

Presented by www.ziaraat.com

ٹکڑے ٹکڑے لاش ہے زہراؑء کے نورُ العین کی
پرزے پرزے یارسولؑ اللہ کی تحریر ہے

گو جدا ہیں قید خانے شام اور بغداد کے
پاؤں میں ان قیدیوں کے ایک ہی زنجیر ہے

اس شہ مظلوم اختر کو غم محشر نہیں
جنت رضوان فقیروں کی تیرے جاگیر ہے

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

شبیرؑ نہ ہوتے تو اسلام کہاں ہوتا
دنیا میں پیمبرؐ کا پیغام کہاں ہوتا

بے تاب تڑپتے تھے ہونے کو فدا اصغرؑ
جھولے میں مجاہد کو آرام کہاں ہوتا

اللہ کے خلیفے کا انکار کیا ورنہ
سردار فرشتوں کا بدنام کہاں ہوتا

یہ ثانیٔ زہراؑ ہی کی قید کا صدقہ ہے
ماتم شہ بیکس کایوں عام کہاں ہوتا

تامرگ رہی آنکھیں صغراؑ کی لگی رہ پر
بیمار کو فرقت میں آرام کہاں ہوتا

تھی سورہ کوثر کی تفسیر ابھی باقی
جزلخت دلِ زہراؑء یہ کام کہاں ہوتا

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

خیموں کے آس پاس ہیں لاشے پڑے ہوئے
میدان میں حسینؑ ہیں تنہا کھڑے ہوئے

اسلام کے وقار کی اونچی چٹان پر
عباسؑ کی وفا کے ہیں جھنڈے گڑے ہوئے

اصغرؑ کے حلق سے جو اُڑا ہے شریف خون
دستارِ مصطفیٰؐ پہ ہیں چھینٹے پڑے ہوئے

زینبؑ نے پردہ ہائے ستم چاک کر دیئے
تھے ورنہ واقعات پہ پردے پڑے ہوئے

زنجیر پر گرے ہیں یہ آنسو؟ نہیں نہیں
عابدؑ کے زیوروں میں ہیں موتی جڑے ہوئے

تم ہی نہیں ہو ایک گدائے درِ بتولؑ
اس صف میں انبیاؑ بھی ہیں اخترؔ کھڑے ہوئے

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

ماتم شہیدِ راہِ خدا کا ثواب ہے
یہ سنتِ جنابِ رسالتِ مآب ہے

اصغرؑ کی لاش کو ہیں اٹھائے ہوئے حسینؑ
یا ہاتھ میں رسول کے ام الکتاب ہے

اے موت! زخمِ سینۂ اکبرؑ تو دیکھ لے
کس حال میں رسولِ خدا کا شباب ہے

زینبؑ کا غم نہیں کہ رِدا سر سے چھن گئی
لیکن خیالِ پردہ اُمِ رُباب ہے

حرؑ کو گلے لگا لیا کس اعتماد سے
شبیرؑ ہے کہ داورِ یوم الحساب ہے

Presented by www.ziaraat.com

آئے ہیں کربلا سے جو قیدی دمشق میں
لوگو! یہ خاندانِ رسالت مآب ہے

تاریخ ہے مصائب آلِ رسولؐ کی
وہ جس کا نام فضہؑ عالی جناب ہے

روشن ہے دل میں داغِ غمِ شاہِ کربلا
اختؔر مری لحد کا یہی آفتاب ہے

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

جب کبھی غیرت انساں کا سوال آتا ہے
بنت زہراؑ ترے پردے کا خیال آتا ہے

درمیاں لاشوں کے تنہا نظر آتے ہیں حسینؑ
جبکہ عاشور کے سورج پہ زوال آتا ہے

موت کس سوچ میں ہے لاشۂ اکبرؑ پہ کھڑی
کیا پیمبرؐ کی جوانی کا خیال آتا ہے

یہ علمدارؑ کا بیٹا ہے کہ پانی جو ملے
جا کے سجادؑ کی زنجیر پہ ڈال آتا ہے

Presented by www.ziaraat.com

اے خلافت! ہمیں حق چھننے کا افسوس نہیں
بس گواہوں کی شرافت کا خیال آتا ہے

نیام میں رہنے دو تلوارِ علیؑ ابن رسولؐ
موت کی بات کو اصغرؑ ترا ٹال آتا ہے

اس کی تعریف ہے یہ کہ ہے سگِ بابِ بتولؑ
ورنہ اختؔر کو کہاں کوئی کمال آتا ہے

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

صغراؑ نے آنسوؤں کے کتنے دیے جلائے
پردیس جانے والے پھر لوٹ کے نہ آئے

شاید مباہلہ کی پھر پڑے ضرورت
زہراؑء کی بیٹیوں کو شبیرؑ ساتھ لائے

خیمے جلانے والے تھے جانشیں انھیں کے
بنتِ نبیؐ کے در پر جو آگ لے کے آئے

لاشِ حسینؑ پر یوں آئی علیؑ کی بیٹی
روضہ پہ مصطفٰےؐ کے جیسے بتولؑ آئے

کیا مختصر سپاہ ہے جیسے کہ کربلا میں
شبیرؑ زندگی کے لے کر اصول آئے

Presented by www.ziaraat.com

روئے کہ دے تسلی بے آس قیدیوں کو
حال اپنے دل کا زینبؑ جاکر کسے سنائے

خاموش بہہ رہے ہیں آنکھوں سے خوں کے آنسو
سجادؑ تو نے دل پر کیا کیا نہ زخم کھائے

چہرے پہ انگلیوں کے اب تک نشاں ہیں باقی
زندان میں سکینہؑ روتی ہے منہ چھپائے

کیا اہلِ حَسبُنَا تم قرآن سمجھ سکو گے
اختر فقیر کی جب باتیں سمجھ نہ پائے

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

ویران ہے مدینہ آباد کربلا ہے
گلشن پہ ہے اُداسی جنگل بسا ہوا ہے

فریاد کر رہی ہے کس درد سے سکینہؑ
عباسؑ نامور کا لاشہ تڑپ رہا ہے

اصغرؑ کی لاش ہے یہ اُمِ رُباب دیکھو
اسلام کو جگا کر معصوم سو گیا ہے

قرآن کے حافظوں نے مارا ہے شاہ دیںؑ کو
کچھ حاجیوں نے مل کر کعبہ گرادیا ہے

فضہ سے کوئی پوچھے کتنی مصیبتوں کی
زہراؑ سے ابتداء تھی زینبؑ پہ انتہا ہے

Presented by www.ziaraat.com

کتنی حقیقتوں سے پردے اٹھے ہوئے ہیں
کس نے کہا کہ زینبؑ بلوے میں بے ردا ہے

آنکھوں میں ہیں یہ آنسو یا سامنے نظر کے
تسنیم موجزن ہے کوثر چھلک رہا ہے

زین العباؑ نے اختؔر اس دکھ بھرے جہاں میں
ہر زخم سہہ کے جینا آسان کر دیا ہے

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

کعبہ اداس خاک بسر جبرئیلؑ ہے
اے مجرئی یہ ماتم فخرِ خلیلؑ ہے

بدلے میں ہیں حسینؑ کہ مصروف گفتگو
سردار دو جہاں سے خدائے جلیل ہے

علیؑ شرافت آدمؑ کا ہے ثبوت
سبطِ نبیؐ خدا کی مقدس دلیل ہے

اصغرؑ مچل رہے ہیں شہ دیں کی گود میں
یا عرش کبریا پہ دعائے خلیلؑ ہے

ہر دور میں سپاہ حسینی ہے سرفراز
ہر دور میں یزید پلید کا لشکر ذلیل ہے

Presented by www.ziaraat.com

مت پوچھ ان میں خون کی سرخی ہے کس لئے
عابدؑ کے آنسوؤں کی کہانی طویل ہے

پیغام لے کے آیا ہے صغراؑ کا نامہ بر
اے عرشِ کربلا یہ تیرا جبرئیل ہے

اخترؔ غمِ حسینؑ میں آنکھیں ہیں اشکبار
کوثر جھلک رہا ہے رواں سلسبیل ہے

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

ہائے قاسمؑ تیرے سہرے پہ پھولوں کی جوانی روتی ہے
ہر فصل بہار تیری سن کر غمگین کہانی روتی ہے
اے تشنہ دہن بیکس دوا کھا کر کے تیری پیاس کو یاد اب بھی
موجیں سر پٹیا کرتی ہیں دریا کی روانی روتی ہے
ارمان نکالو جاگو تو مہندی تو لگا لو جاگو تو
اک رات کی بیاہی دلہن خاموشِ زبانی روتی ہے
اعداء میں گھرے ہیں سبطِ نبیؐ آ دیکھ حسینؑ کی تنہائی
غازی کا علم تھراتا ہے اکبرؑ کی جوانی روتی ہے
معصوم سکینہؑ مت دکھلا بابا کو داغ طمانچوں کے
تلوار علیؑ کی پہلی سی خیبر کی روانی روتی ہے
مت چھیڑ اے اختؔر رہنے دے قرطاس و قلم کا افسانہ
تیرہ سو برس سے دنیا یہ سن سن کے کہانی روتی ہے

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

دستار ہے حسینؑ کے سر پر رسولؐ کی
زینبؑ کی پردہ دار ہے چادر بتولؑ کی

ہاتھوں پہ شیر خوار کا لاشہ لئے ہوئے
شبیرؑ لڑ رہے ہیں لڑائی اصول کی

امت نے خیر اجرِ رسالت تو کیا دیا
آلِ نبیؐ کے خون کی قیمت وصول کی

اہلِ حرم کی قید کو منظور کر لیا
سر دے دیا نہ بیعتِ فاسق قبول کی

قرآن تو دے رہا ہے صدائے عنِ الھویٰ
کچھ لوگ کہہ رہے ہیں پیمبرؐ نے بھول کی

Presented by www.ziaraat.com

کتنے حسیں ہیں اصغرؑ واکبرؑ حسینؑ کے
بچپن علیؑ ولی کا جوانی رسولؐ کی

دربارِ میرِ شام کا منظر عجیب ہے
زینبؑ کو مل رہی ہے وراثت بتولؑ کی

اختر درِ بتولؑ سے ادنیٰ سی شے نہ مانگ
کم ظرف تو نے خواہشِ جنت فضول کی

Presented by www.ziaraat.com

بدلی میں گھرا ہے اسلام کا آقا
زینبؑ کا جہاں میں ٹوٹا ہے سہارا

شہ کہتے تھے حرؑ تھا اک رات کا مہماں
افسوس لعینو مہمان کو مارا

بکھری ہوئی زلفیں اور چہرۂ اکبرؑ
والیلِ کی بدلی وَالفجر کا تارا

محتاج جنازہ سردارِ دو عالم
یاروں نے نبیؐ کا منبر تو سنوارا

اکبرؑ تھے نہ اصغرؑ عباسؑ نہ قاسمؑ
مولا تجھے کس نے مقتل میں اتارا

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

گلشنِ زہراؑء میں ہے فصلِ خزاں آئی ہوئی
آسماں پر غم کی ہے کالی گھٹا چھائی ہوئی

اُس کو رونے جس کا کوئی بھی نہیں تھا نوحہ گر
لاشۂ شبیرؑ پر زینبؑ ہے آج آئی ہوئی

قاصدِ صغراؑ سے یوں روکر کہا شبیرؑ نے
جاگ لینے دو جوانی کو ہے نیند آئی ہوئی

مجھ کو تنہائی ڈراتی ہے سکینہؑ نے کہا
ہر طرف زنداں میں ہیں تارِیکاں چھائی ہوئی

جس کے پردے کی حیا سے چھپ گیا شمس فلک
شام میں کہتے ہیں تھی وہ بے ردا آئی ہوئی

تھے حریصِ دولت دنیائے سقیفہ کے غلام
جو کہ ہے اختر مرے مولا کی ٹھکرائی ہوئی

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

یثرب کا مہمان کھڑا ہے
باغیرت انسان کھڑا ہے

دشت بلا میں ایک اکیلا
ہر غم کا عنوان کھڑا ہے

ایک طرف کفّار کی فوجیں
ایک طرف ایمان کھڑا ہے

دنیا بھر کے انسانوں پر
جس کا ہے احسان کھڑا ہے

دست اَجل کا رستہ روکے
باہمت انسان کھڑا ہے

ایک پھٹا ملبوس پہن کر
عالم کا سلطان کھڑا ہے

Presented by www.ziaraat.com

دین نبیؑ کی لاج کا وارث
پیغمبرؐ کی شان کھڑا ہے

غربت کی تصویر ہے لیکن
پُر ہیبت طوفان کھڑا ہے

اخترؔ اجرِ رسالت کیا تھا
کیوں تنہا قرآن کھڑا ہے

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

شبیرؑ تری آیا ہے غربت کا زمانہ
ملتا نہیں دنیا میں کہیں تجھ کو ٹھکانہ

عباسؑ کے بازو بھی کٹے نہر پہ جاکر
ہمشکل نبیؐ ہو گیا برچھی کا نشانہ

کہتی تھی سکینہؑ ہیں یہ کیوں ہم پہ جفائیں
کس جرم پہ بابا تیرا دشمن ہے زمانہ

تطہیر کی چادر سرِ زینبؑ سے چھنے گی
لُٹ جائے گا ایمان کی غیرت کا خزانہ

شبیرؑ تیرے قتل کی بنیاد سقیفہ
چھیڑیئے اخترؔ کہ یہ قصہ ہے پرانا

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

یثرب سے ہیں آئے کربل کو بسانے
اسلام کی خاطر گھر بار لٹانے

حر آیا جو در پر ہوا پل میں سکندر
کی بندہ نوازی محبوبِ خدا نے

ہاتھوں پہ اٹھا کے لئے جاتی ہیں حوریں
بے شیر کو کوثر کے جام پلانے

ہمشکلِ پیغمبرؐ کے لاشہ پہ گئے شہ
خط صغراؑ کا لے کر اکبرؑ کو سنانے

سر سجدہ میں رکھ کر یہ شہ نے دکھایا
کٹواتے ہیں یوں سر مولا کے دیوانے

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

صغریٰؑ کو محرم کا جب چاند نظر آیا
خوش تھی کہ جدائی کا اب وقت گذر آیا

راہ میں جو غبار اٹھتا بیمار یہ کہتی تھی
شاید کہ مرا قاصد کچھ لے کے خبر آیا

غمگین ستارو تم خوش ہو کے ذرا چمکو
صغرٰاؑ کو تسلی دو نالوں میں اثر آیا

بیمارؑ سجانے لگی پھر اُجڑے ہوئے گھر کو
سمجھی شب فرقت کو پیغامِ سحر آیا

Presented by www.ziaraat.com

فقط اک بنی امیہ ہی کو جانیے نہ مجرم
کہ ہے کربلا کی نسبت کسی سازشِ کہن سے

بڑی دکھ بھری کہانی ہے نبیؐ کی لاڈلی کی
نہ ملی کبھی فراغت جسے رنج اور محن سے

اسے اہلِ درد سمجھیں اُسے اہل ظرف جانیں
جو صلہ فقیر اخترؔ کو ملے گا پنجتنؑ سے

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

گلشنِ آلِ پیمبرؐ میں خزاں آنے کو ہے
مسندِ ختمِ رسل ویران ہو جانے کو ہے

کربلا والوں کی شاید تشنگی کا ہے خیال
ساقیٔ کوثر ذرا پہلے چلے جانے کو ہے

نوحہ گر جبرئیلؑ ہے ماتم بپا ہے چار سو
روشنی چھپنے کو ہے اندھیر ہو جانے کو ہے

آج زینبؑ کو نظر آنے لگا بازار شام
فاطمہؑ کیا پھر کسی دربار میں جانے کو ہے

گونجتی تھی جو فضاؤں میں سلونی کی صدا
وہ صدائے دل نشیں خاموش ہو جانے کو ہے

قصۂ قرطاس سے نسبت ہے اے اختر اسے
جو فسانہ ابنِ ملجم آج دہرانے کو ہے

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

جب کر چکا جہاں سے سفر آخری رسولؐ
بدلی ہوا کہ دین کے بدلے گئے اصول

کچھ لوگ گھر نبیؐ کا جلانے تو آ گئے
پوچھا مگر کسی نے نہ حالِ دلِ بتولؑ

سمجھے نہ بات سروِ چمن کی کبھی جھول
ناجنس کر سکے نہ نبیؐ کا اثر قبول

دربارِ میرِ شام میں بنتِ علیؑ نہ تھی
بالوں سے منہ کو ڈھانپ کے روتی رہی بتولؑ

Presented by www.ziaraat.com

اسلامؑ کا کسی طرح پردہ بچا رہے
زینبؑ کی قید عابدؑ بیمار کو قبول

اللہ کی کتاب کو کافی سمجھ لیا
فرمانِ مصطفیٰؐ کو گئے لوگ جلد بھول

اختر کچھ اور مانگ لے سوداگری نہ کر
صلہ غمِ حسینؑ میں جنت نہ کر قبول

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

دو جہاں میں آج ہے ماتم بپا شبیرؑ کا
معجزہ کہتے ہیں اس کو زینبؑ دلگیر کا

قیدیوں کا قافلہ سب منزلیں طے کر چکا
شام کی راہوں میں اب تک شور ہے زنجیر کا

پوچھیے اس سے کہ جس کی گود خالی ہوگئی
کس قدر تھا زخم گہرا تیر کا

خط کا پھر دینا جواب اے قاصد صغراؑ مگر
یہ بتا پہلے سبب کیا تھا تیری تاخیر کا

بے کفن کرب و بلا میں کیوں رہی لاشہ حسینؑ
کیا کفن کافی نہیں تھا چادرِ تطہیر کا

Presented by www.ziaraat.com

عزم جس کا عزمِ حق ہے نام ہے جس کا حسینؑ
اک پیامِ مستقل ہے مالکِ تقدیر کا

تھا گماں جن کو نبیؑ کے حکم پر ہذیان کا
کیا ادب کرتے رسولؐ اللہ کی تحریر کا

قاتلِ محسن کو اے اخترؔ ذرا پہچان لے
خونِ اصغرؑ دوسرا رُخ ہے اسی تصویر کا

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

اٹھی تھی سقیفہ سے گھٹا حرص و ہوا کی
کربل میں لگی آ کے جھڑی جورو جفا کی
باغِ فدک تیرے تو چھننے کا نہیں غم
شکوہ ہے کہ تعظیم نہ زہراؑء کی ذرا کی
خیموں میں لگی آگ نئی بات نہیں ہے
جلتے ہوئے قرآن نے شعلوں سے بنا کی
ماتم کی اُڑا خاک تُو اے شام غریباں
اُجڑی ہوئی بستی پہ غریبُ الغربا کی
میدان جمل میں یہ صدا گونج رہی ہے
امت نے پیمبرؐ کے وصی سے نہ وفا کی
ہذیان سمجھتے تھے جو فرمانِ نبیؐ کو
کرنے لگے تفسیر غلط فی القرباء کی
یاران بنی ساعدہ آرام سے جا بیٹھیں
اخترؔ نے نہیں بات دل آزار ذرا کی

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

ماتم کی صداؤں سے زمانے کو ہلا دو
پھر دہر کو شبیرؑ کا پیغام سنا دو

دیر ہوگئی صغراؑ تیرا قاصد نہیں آیا
روضہ پہ پیغمبر کے چراغوں کو بجھا دو

دربار ستم گر میں چلی ثانی زہراؑ
سوئے ہوئے بیمارؑ کی زنجیر ہلا دو

شاہ کہتے تھے اکبرؑ جو چلے مرنے کو رن میں
اس چاند کو والیل کی بدلی میں چھپا دو

روئے گی بہت شام کے زندان میں سکینہؑ
معصوم کو انداز یتیمی کے سکھا دو

اخترؔ یہ صدا آتی ہے کربل کی زمیں سے
آزاد ہو باطل کی حکومت کو مٹا دو

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

دشتِ غربت کو آبسایا ہے
تو نے شبیرؑ گھر لُٹایا ہے

گھر کے اعداء میں زیرِ خنجر بھی
تو نے پیغامِ حق سنایا ہے

کیا سکینہؑ کی آس ٹوٹ گئی
ذوالجناح بے سوار آیا ہے

لاشِ قاسمؑ پہ تیرے برسے ہیں
چاند پر بادلوں کا سایہ ہے

غش سے آنکھیں تو کھول اے اصغرؑ!
تیرا قاصد پیام لایا ہے

تیرے پردے کی خیر ہو زینبؑ
کوئی نیزے پہ چڑھ کے آیا ہے

جس کو فصلِ بہار روتی تھی
تو نے ایسا چمن لٹایا ہے

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

یہ شبیہ مصطفیٰؐ کی ہے اذانِ صبح گاہی
جو حسینؑ کی رضا ہے وہی مرضی الٰہی

اسے تاج و تخت سے کیا اسے کیا غرض سپہ سے
کہ حسین بے نوا کی ہے دلوں پہ بادشاہی

ترا غم چراغِ منزل ہے ہر یک راستے کا
اے غریبِ دشتِ کربل شہ دیں جہاں پناہی

کوئی انقلاب آئے ترا غم سدا جواں ہے
کہ ثبوت ہے خدا کا تیرا خون بے گناہی

یہ اٹھا کے لاش اصغرؑ کو حسینؑ کہہ رہے تھے
مری فوج مختصر کا ہے یہ آخری سپاہی

نہ حسینؑ تجھ سے امت نے کیا نباہ ورنہ
تیری لاڈلی سکینہؑ نے تو قید بھی نباہی

تیری آبرو پہ پہرے تری بے ردا بہن کے
تیرے عزم کی پیامبر ہے اسیر شام راہی

Presented by www.ziaraat.com

سوئے خلد حر چلا ہے کوئی اس کی شان دیکھے
نہ فقیہ شہر ہے یہ نہ مرید خانقاہی

یہ گلہ سدا رہے گا کہ جنابِ فاطمہؑ کی
نہیں امتِ پیمبرؐ نے قبول کی گواہی

تیرے در پہ جب بھی اخترؔ نے کیا سوال مولاؑ
تیرا سوزِ عشق مانگا کبھی زندگی نہ چاہی

Presented by www.ziaraat.com

بدلی میں گھِرا ہے اسلام کا آقا
زینبؑ کا جہاں میں ٹوٹا ہے سہارا

شہ کہتے تھے حُرؑ تھا اک رات کا مہماں
افسوس لعینو مہمان کو مارا

بکھری ہوئی زلفیں اور چہرۂ اکبرؑ
واللیل کی بدلی وَالفجر کا تارا

محتاج جنازہ سردارِ دو عالم
یاروں نے نبیؐ کا منبر تو سنوارا

اکبرؑ تھے نہ اصغرؑ عباسؑ نہ قاسمؑ
مولا تجھے کس نے مقتل میں اتارا

Presented by www.ziaraat.com

آتی ہیں صدائیں یہ باغِ فدک سے
ایمان کا سودا دولت کا خسارہ

عباسؑ سدھارے چلائی سکینہؑ
زندان میں ہوگا اب کون ہمارا

جس آگ نے اخترؔ قرآن کو جلایا تھا
ہے کرب و بلا بھی اسی کا ہی شرارہ

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

بادل ستم کے چاند پہ زہراؑ کے چھا گئے
جھونکے خزاں کے باغ پیمبرؐ میں آ گئے

لاشہ جواں پسر کا اٹھایا نہ جا سکا
امت کا شاہ بار شفاعت اٹھا گئے

ننھے سے اک شہید کا ماتم بجا نہیں ہے
تیر اجل کو دیکھ کے جو مسکرا گئے

ابن حسنؑ کی پیاس کو کر یاد اے فرات!
ہاتھوں پہ اپنے خون کی مہندی لگا گئے

کرب و بلا کی خاک کو اکسیر کر دیا
گھر کو لٹا کے دشت میں بستی بسا گئے

قرآن جل بجھا تھا سقیفہ کی آگ میں
شعلے جو بچ رہے تھے وہ خیمے جلا گئے

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

گلشنِ زہراؑء میں ہے فصلِ خزاں آئی ہوئی
آسماں پر غم کی ہے کالی گھٹا چھائی ہوئی

اُس کو رونے جس کا کوئی بھی نہیں تھا نوحہ گر
لاشۂ شبیرؑ پر زینبؑ ہے آج آئی ہوئی

قاصدِ صغراؑ سے یوں روکر کہا شبیرؑ نے
جاگ لینے دو جوانی کو ہے نیند آئی ہوئی

مجھ کو تنہائی ڈراتی ہے سکینہؑ نے کہا
ہر طرف زنداں میں ہیں تاریکیاں چھائی ہوئی

جس کے پردے کی حیا سے چھپ گیا شمس فلک
شام میں کہتے ہیں تھی وہ بے ردا آئی ہوئی

تھے حریصِ دولت دنیائے سقیفہ کے غلام
جو کہ ہے اختر مرے مولا کی ٹھکرائی ہوئی

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

یثرب کا مہمان کھڑا ہے
باغیرت انسان کھڑا ہے

دشت بلا میں ایک اکیلا
ہر غم کا عنوان کھڑا ہے

ایک طرف کفار کی فوجیں
ایک طرف ایمان کھڑا ہے

دنیا بھر کے انسانوں پر
جس کا ہے احسان کھڑا ہے

دست اَجل کا رستہ روکے
باہمت انسان کھڑا ہے

ایک پھٹا ملبوس پہن کر
عالم کا سلطان کھڑا ہے

Presented by www.ziaraat.com

دین نبیؐ کی لاج کا وارث
پیغمبرؐ کی شان کھڑا ہے

غربت کی تصویر ہے لیکن
پُر ہیبت طوفان کھڑا ہے

اخترؔ اجرِ رسالت کیا تھا
کیوں تنہا قرآن کھڑا ہے

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

شبیرؑ تری آیا ہے غربت کا زمانہ
ملتا نہیں دنیا میں کہیں تجھ کو ٹھکانہ

عباسؑ کے بازو بھی کٹے نہر پہ جاکر
ہمشکل نبیؐ ہو گیا برچھی کا نشانہ

کہتی تھی سکینہؑ ہیں یہ کیوں ہم پہ جفائیں
کس جرم پہ بابا تیرا دشمن ہے زمانہ

تطہیر کی چادر سرِ زینبؑ سے چھنے گی
لُٹ جائے گا ایمان کی غیرت کا خزانہ

شبیرؑ تیرے قتل کی بنیاد سقیفہ
چھیڑیے اختر کہ یہ قصہ ہے پرانا

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

یثرب سے ہیں آئے کربل کو بسانے
اسلام کی خاطر گھر بار لٹانے

حر آیا جو در پر ہوا پل میں سکندر
کی بندہ نوازی محبوبِ خدا نے

ہاتھوں پہ اٹھا کے لئے جاتی ہیں حوریں
بے شیر کو کوثر کے جام پلانے

ہمشکلِ پیغمبرؐ کے لاشہ پہ گئے شہ
خط صغراؑ کا لے کر اکبرؑ کو سنانے

سر سجدہ میں رکھ کر یہ شہ نے دکھایا
کٹواتے ہیں یوں سر مولا کے دیوانے

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

صغریٰؑ کو محرم کا جب چاند نظر آیا
خوش تھی کہ جدائی کا اب وقت گذر آیا

راہ میں جو غبار اٹھتا بیمار یہ کہتی تھی
شاید کہ مرا قاصد کچھ لے کے خبر آیا

غمگین ستارو تم خوش ہو کے ذرا چمکو
صغراؑ کو تسلی دو نالوں میں اثر آیا

بیمارؑ سجانے لگی پھر اُجڑے ہوئے گھر کو
سمجھی شب فرقت کو پیغامِ سحر آیا

Presented by www.ziaraat.com

فقط اک بنی امیہ ہی کو جانیے نہ مجرم
کہ ہے کربلا کی نسبت کسی سازشِ کہن سے

بڑی دکھ بھری کہانی ہے نبیؐ کی لاڈلی کی
نہ ملی کبھی فراغت جسے رنج اور محن سے

اسے اہلِ درد سمجھیں اُسے اہل ظرف جانیں
جو صلہ فقیر اختؔر کو ملے گا پنجتنؑ سے

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

گلشنِ آلِ پیمبرؐ میں خزاں آنے کو ہے
مسندِ ختمِ رسل ویران ہو جانے کو ہے

کربلا والوں کی شاید تشنگی کا ہے خیال
ساقیٔ کوثر ذرا پہلے چلے جانے کو ہے

نوحہ گر جبرئیلؑ ہے ماتم بپا ہے چار سو
روشنی چھپنے کو ہے اندھیر ہو جانے کو ہے

آج زینبؑ کو نظر آنے لگا بازار شام
فاطمہؑ کیا پھر کسی دربار میں جانے کو ہے

گونجتی تھی جو فضاؤں میں سلونی کی صدا
وہ صدائے دل نشیں خاموش ہو جانے کو ہے

قصۂ قرطاس سے نسبت ہے اے اختر اسے
جو فسانہ ابن ملجم آج دہرانے کو ہے

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

جب کر چکا جہاں سے سفر آخری رسولؐ
بدلی ہوا کہ دین کے بدلے گئے اصول

کچھ لوگ گھر نبیؐ کا جلانے تو آگئے
پوچھا مگر کسی نے نہ حالِ دلِ بتولؑ

سمجھے نہ بات سروِ چمن کی کبھی جھول
نا جنس کر سکے نہ نبیؐ کا اثر قبول

دربارِ میرِ شام میں بنتِ علیؑ نہ تھی
بالوں سے منہ کو ڈھانپ کے روتی رہی بتولؑ

Presented by www.ziaraat.com

اسلام کا کسی طرح پردہ بچا رہے
زینبؑ کی قید عابدؑ بیمار کو قبول

اللہ کی کتاب کو کافی سمجھ لیا
فرمانِ مصطفیٰ کو گئے لوگ جلد بھول

اختؔر کچھ اور مانگ لے سوداگری نہ کر
صلہ غمِ حسینؑ میں جنت نہ کر قبول

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

دو جہاں میں آج ہے ماتم بپا شبیرؑ کا
معجزہ کہتے ہیں اس کو زینبؑ دلگیر کا

قیدیوں کا قافلہ سب منزلیں طے کر چکا
شام کی راہوں میں اب تک شور ہے زنجیر کا

پوچھئے اس سے کہ جس کی گود خالی ہوگئی
کس قدر تھا زخم گہرا تیر کا

خط کا پھر دینا جواب اے قاصد صغراؑ مگر
یہ بتا پہلے سبب کیا تھا تیری تاخیر کا

بے کفن کرب و بلا میں کیوں رہی لاشۂ حسینؑ
کیا کفن کافی نہیں تھا چادرِ تطہیر کا

Presented by www.ziaraat.com

عزم جس کا عزمِ حق ہے نام ہے جس کا حسینؑ
اک پیامِ مستقل ہے مالکِ تقدیر کا

تھا گماں جن کو نبیؐ کے حکم پر ہذیان کا
کیا ادب کرتے رسولؐ اللہ کی تحریر کا

قاتلِ محسن کو اے اخترؔ ذرا پہچان لے
خونِ اصغرؑ دوسرا رُخ ہے اسی تصویر کا

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

اٹھی تھی سقیفہ سے گھٹا حرص و ہوا کی
کربل میں لگی آ کے جھڑی جورو جفا کی
باغِ فدک تیرے تو چھننے کا نہیں غم
شکوہ ہے کہ تعظیم نہ زہرا‌ؑء کی ذرا کی
خیموں میں لگی آگ نئی بات نہیں ہے
جلتے ہوئے قرآن نے شعلوں سے بنا کی
ماتم کی اُڑا خاک تُو اے شام غریباں
اُجڑی ہوئی بستی پہ غریبُ الغربا کی
میدان جمل میں یہ صدا گونج رہی ہے
امت نے پیمبرؐ کے وصی سے نہ وفا کی
ہذیان سمجھتے تھے جو فرمانِ نبیؐ کو
کرنے لگے تفسیر غلط فی القرباء کی
یارانِ بنی ساعدہ آرام سے جا بیٹھیں
اختؔر نے نہیں بات دل آزار ذرا کی

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

ماتم کی صداؤں سے زمانے کو ہلا دو
پھر دہر کو شبیرؑ کا پیغام سنا دو

دیر ہوگئی صغراؑ تیرا قاصد نہیں آیا
روضہ پہ پیغمبر کے چراغوں کو بجھا دو

دربار ستم گر میں چلی ثانی زہراؑ
سوئے ہوئے بیمارؑ کی زنجیر ہلا دو

شاہ کہتے تھے اکبرؑ جو چلے مرنے کو رن میں
اس چاند کو والیل کی بدلی میں چھپا دو

روئے گی بہت شام کے زندان میں سکینہؑ
معصوم کو انداز یتیمی کے سکھا دو

اختر یہ صدا آتی ہے کربل کی زمیں سے
آزاد ہو باطل کی حکومت کو مٹا دو

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

دشتِ غربت کو آبسایا ہے
تو نے شبیرؑ گھر لُٹایا ہے

گھر کے اعداء میں زیرِ خنجر بھی
تو نے پیغامِ حق سنایا ہے

کیا سکینہؑ کی آس ٹوٹ گئی
ذوالجناح بے سوار آیا ہے

لاشِ قاسمؑ پہ تیرے برسے ہیں
چاند پر بادلوں کا سایہ ہے

غش سے آنکھیں تو کھول اے اصغرؑ!
تیرا قاصد پیام لایا ہے

تیرے پردے کی خیر ہو زینبؑ
کوئی نیزے پہ چڑھ کے آیا ہے

جس کو فصلِ بہار روتی تھی
تو نے ایسا چمن لٹایا ہے

Presented by www.ziaraat.com

# نوحہ

یہ شبیہ مصطفیٰؐ کی ہے اذانِ صبح گاہی
جو حسینؑ کی رضا ہے وہی مرضی الٰہی

اسے تاج و تخت سے کیا اسے کیا غرض سپہ سے
کہ حسین بے نوا کی ہے دلوں پہ بادشاہی

ترا غم چراغِ منزل ہے ہر یک راستے کا
اے غریبِ دشتِ کربل شہ دیں جہاں پناہی

کوئی انقلاب آئے ترا غم سدا جواں ہے
کہ ثبوت ہے خدا کا تیرا خون بے گناہی

یہ اٹھا کے لاش اصغرؑ کو حسینؑ کہہ رہے تھے
مری فوج مختصر کا ہے یہ آخری سپاہی

نہ حسینؑ تجھ سے امت نے کیا نباہ ورنہ
تیری لاڈلی سکینہؑ نے تو قید بھی نباہی

تیری آبرو پہ پہرے تری بے ردا بہن کے
تیرے عزم کی پیامبر ہے اسیر شام راہی

Presented by www.ziaraat.com

سوئے خلد حر چلا ہے کوئی اس کی شان دیکھے
نہ فقیہ شہر ہے یہ نہ مرید خانقاہی

یہ گلہ سدا رہے گا کہ جنابِ فاطمہؑ کی
نہیں امتِ پیمبرؐ نے قبول کی گواہی

تیرے در پہ جب بھی اخترؔ نے کیا سوال مولاؑ
تیرا سوزِ عشق مانگا کبھی زندگی نہ چاہی

Presented by www.ziaraat.com